بسم اللہ الرحمن الرحیم

مسلمانو! وہابیوں اور مرزائیوں سے بچو

سنہ ۱۳۵۴ھ

انوار آفتاب صداقت

سنہ ۱۹۳۵ء

مصنفہ

قاضی فضل احمد صاحب عفا اللہ تعالیٰ عنہ سنی حنفی نقشبندی صادقی
کورٹ انسپکٹر پولیس (پنشنر) لودھیانہ

کتب خانہ سمنانی اندرکوٹ
میرٹھ نے شائع کیا

کے پنجہ ضلالت سے نجات پائیں۔ سو الحمد للہ کہ یہ کام ازل میں مکرم جناب قاضی صاحب موصوف کے نام تحریر ہو چکا تھا۔ اس لئے قاضی صاحب نے نہایت عرق ریزی سے ان مسائل کو بدلائل عقل و نقل کما حقہ ثابت کر دکھلایا۔ اور فرقہ دیوبندیہ وہابیہ کی برسوں کی خفیہ خباثت کو ایسا ظاہر کیا۔ کہ مزید براں ممکن ہی نہیں۔ جزاہ اللہ خیر الجزا فی الدارین۔ آمین

فقیر (ابو الفرید) خوشی محمد عفی عنہ حنفی نقشبندی خطیب مسجد کیمپ جالندھر

جو ہے خوشی خدا کی وہ ہے خوشی محمد — ذیقعدہ سنہ ۱۳۳۸ ہجری

(۲۳) تقریظ حضرت مولینا مولوی مفتی سید محمد حنیف صاحب حنفی چشتی سجادہ نشین درگاہ حضرت شاہ امانت علی قدس سرہ نکودر ضلع جالندھر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

انوار آفتاب صداقت ہوئی طلوع — اب مردنی سی چہرۂ دشمن پہ چھا گئی

کہتے ہیں اہل حق یہ مخالف کو دیکھ کر — اے نجدیان ہند قیامت ہے آ گئی

یہ کتاب جو آفتاب انوار صداقت کے نام سے ظلمت کدۂ عالم پر آفتاب بن کر ضو افگن ہونے کو ہے اور جس کے مضامین کی بلند پردازی مصنف کے زور تخیل کی رہین منت ہے اس قابل ہے کہ اس کو اختلافی مسائل میں حکم دے کر عمل پیرا ہوں۔ اس نیاز مند نے مختلف مقامات سے اس کو دیکھا اور موافق عقائد و عمل اہل حق پایا۔ یہ اس کا مخصوص فضل ہے۔ جس نے عالی جناب قاضی صاحب کو اس سعادت عظمٰی کے لئے منتخب فرمایا۔ ؎ فضل احمد نے لکھی فضل محمد سے کتاب ٭ کیسے باریک مضامین ہیں اللہ اللہ ٭ حررہ فقیر سید محمد حنیف چشتی سجادہ نشین درگاہ حضرت شاہ امانت علی قدس سرہ خطیب جامع مسجد و مفتی نکودر۔ ۱۲ ؍ اگست ۱۹۲۰ء

تقاریظ علماء کرام ہندوستان

(۲۴) تقریظ اعلیٰحضرت عظیم البرکت رفیع الدرجت مجدد مأتہ حاضرہ مؤید ملت طاہرہ حضور پر نور حافظ قاری حاجی مولینا و بالعلم والفضل مولینا مولوی قاری شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قادری دام ظلہم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ الذی فضل احمد علی العلمین جمیعا و اقامہ یوم القیمۃ للمذنبین شفیعا و

بعثہ رحمۃ للعلمین وکان فضل احمد ملاذ اللائذین ومعاذ العائذین فی الدنیا ویوم الدین
فمن لاذ بہ فقد لاذ بملاذ کریم ومن عاذ بہ فقد عاذ بمعاذ عظیم ومن حاد عنہ فقد باد
وحاد الحناد جھنم وبئس المھاد وصلی اللہ تعالیٰ وسلم علیہ حبیبہ المصطفیٰ والشفیع الرفیع المرتجیٰ وعلی
آلہ وصحبہ وابنہ وحزبہ دائما ابدا الی یوم الدین وسرمدا دھر الداھرین ولعن الکفرۃ الآبیۃ
خصوصا النجدیۃ الوھابیۃ لاسیما الشیطانیۃ الکذابیۃ فانھم لعدائہم وسبھم اعداء اللہ ورسولہ
خصماء فیھم یسبون اللہ والرسول ویقولون فی انفسھم لولا یعذبنا اللہ بما نقول حسبھم جھنم یصلونھا فبئس المصیر
لایغرون اللہ شیئا واللہ بما یعملون بصیر ۔ فقیر غفر المولی لہ تقریر نے مولینا المکرم ذی اللطف والکرم
حامی سنت ماحی بدعت راشد ارشد مولوی قاضی فضل احمد ادام اللہ بفضل احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم وکرم ومجد کی یہ کتاب انوار آفتاب صداقت خود مصنف کی زبان سے بالاستیعاب سنی ان کے
ثبات علی الیقین ۔ وصلابت فی الدین واعانت مھتدین واہانت مفسدین پر حمد الٰہی بجالایا ودعا الحمد فی
الاولی والآخرۃ ہم واھل التقوی واھل المغفرۃ جعل اللہ سعیہ مشکورا وذنبہ مغفورا وعدوہ
فی الدین مقھورا ولقی السنۃ نضرۃ وسرورا ونصرھم فی الدارین فضلا وفرا وجعل الوھابیۃ قوما
بورا وجعل عملھم ھباء منثورا ۔ یہ کتاب اکثر مسائل متنازع فیہا کی جامع اور اصول و فروع
وہابیت کی قامع ہے کانہ علی الوھابیۃ سقر لاتبقی ولا تذر جمع فارعی واستقصی فما ابقی من
غث ولا سمیم ولا رخیص ولا ثمیم ۔ انصاف خیر الاوصاف ہے ۔ اگر وہ پیش نظر ہو تو راہ صاف
ہے ۔ مردود پر سو رد کئے جائیں ۔ اور ایک ہی لاجواب ہے تو اسی قدر کافی اعتراض مطرود کے سو جواب دیئے
جائیں ۔ اور ایک ہی قاطع ہو تو اتنا ہی وافی نہ کہ جہاں قواطع وافر لوامع متکاثر ۔ اصح الکتب
بعد کتاب اللہ صحیح امام بخاری علیہ رحمۃ الباری ہے ۔ اس کے بھی شواہد و متابعات میں التزام
اصول نہ تراجم و تعلیقات میں مراعات شرط موصول تو سخت بے انصافی ہوگی ۔ اگر کہیں کہیں سے
کچھ زوائد یا نوازل لے کر ان پر الٹے سیدھے اعتراض کریں ۔ اور اس کا نام جواب رکھیں ۔ بلکہ
کل کلام سے گلو خلاص ہوں تو عہدہ برآ ہوں وانی لھم ذلک واللہ لا یھدی الوھابیۃ
الی طریق الصلاح ۔ فقیر اپنے تمام اخوان اہلسنت اور بالخصوص برادران طریقت سے اس کتاب کی
سفارش خیر کرتا ہے سو من یشفع شفاعۃ حسنۃ یکن لہ نصیب منھا ۔ رزقنا اللہ شفاعۃ المصطفیٰ
فی الاولی والآخرۃ ویوم القضاء صلی اللہ تعالیٰ وسلم علیہ وآلہ وصحبہ احسن رضا آمین ۔ والحمد للہ
رب العلمین ۔ قالہ بفمہ وامر برقمہ العبد الفقیر احمد رضا القادری البریلوی ۔

میرے مکان سے دور ہے۔ باجماعت نماز پڑھ لیتا ہوں۔ لیکن آپ کہئے کہ بحالت امید واری اضطراری اور بے قراری مدرسہ سرکاری میں ایک وقت کی جماعت بھی نصیب میں نہیں۔ بلکہ سرے سے نمازیں ہی چھٹ ہیں۔ پھر وہی آیت شریف یقولون جافوا جهم ما لیس فی قلوبهم آپ پر وارد ہے۔

سوال (۱۶) قاضی صاحب نے عدالت میں شاہ اسحٰق صاحب دہلوی نواسہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی علیہ الرحمتہ اور تمام علمائے دیوبند مثل مولانا قاسم علی و محمود حسن و رشید احمد و خلیل احمد و محمد اشرف علی صاحبان (ہمیشہ رہیں برکتیں انکی) کو کافر اور سنت و جماعت سے خارج جانتا ہوں لکھایا ہے۔ کیا آپ اس بیان کے ساتھ متفق ہیں۔ اگر نہیں تو پھر قاضی صاحب کے حق میں شرعاً کیا حکم صادر فرماتے ہیں؟

جواب (۱۶) میں نے جو کچھ کچہری میں لکھوایا ہے وہ صحیح ہے۔ ہاں کچہری میں تو میں نے لکھوایا تھا۔ کہ دیوبندیوں کو میں اہلسنت و جماعت سے خارج سمجھتا ہوں لیکن انکی تکفیر میں فتاوے حرمین شریفین سے ہو چکے ہیں وہ صحیح ہیں۔ اور اب جو میں نے اپنی کتاب میں تحقیقات کی ہے۔ اس سے اور بھی صاف ہو گیا ہے کہ واقعی وہ جن کے عقائد فہرست مشتہرہ اور میری اس کتاب میں درج ہیں۔ واقعی کافر ہیں۔ اور جو شخص ان کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔ اور یہی فتاوی عرب و عجم کے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو تو آپ اور آپکے مولوی گالیاں دیں۔ توہین کریں عیب لگائیں تب تو آپ لوگوں کی خوشی ہو۔ اور جب ان کے کفر و ارتداد کو ان کی تحریروں۔ اور کتابوں اور فتووں سے ظاہر کیا جائے۔ تو آپ کے گھر میں ماتم ہو جائے۔ اور نوحہ کرنے لگ جائیں۔ آپ ان کے مسلمان بنانے کی فکر کریں۔ یا خدا توفیق دے تو خود مسلمان بن جاؤ۔ ورنہ روز حشر آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے روبرو جہنم میں دھتکارے جاؤ گے۔

سوال (۱۷) جو شخص باوجود نقشبندی اور حنفی ہونے کے قیام میلاد کو ضروری جانے اور تارک قیام پر ملامت کرے اسکے پیچھے نماز ناجائز سمجھے۔ اور ہر مجلس میلاد میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کو حاضر و ناظر جانے اور آپکے عالم الغیب ہونیکا اعتقاد رکھے۔ ایسے شخص کیلئے شرعاً کیا حکم ہے

جواب (۱۷) تمام سنی حنفی نقشبندی قادری چشتی سہروردی اور مالکی شافعی حنبلی میلاد شریف اور قیام کو مستحسن اور فرض کفایہ جانتے ہیں۔ اور بعض نے سنت اور واجب اور فرض کفایہ لکھا ہے جو اپنی جگہ بحث میلاد شریف میں درج ہو چکا ہے۔ ایسا عقیدہ رکھنے والا پکا مسلمان اور پکا باایمان و ایقان سنی حنفی اور محب رسول کریم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم ہے۔ یہی شرعاً اس کیلئے حکم ہے۔

ILM E GAIB, HAZIR O NAZIR, MUKHTAR-E-KUL WAGAIRA KA AQEEDA SHAIO ME MAUJOOD HAI RAZAKHANI MOLVI KI GAWAHI.

کھاتے ہوں گے لہٰذا ہم مسلمان ہیں اور ہمارے مسلمان ہونے میں کیا شک ہے تو جو جواب آپ اس کو دیں گے وہ ہماری طرف سے بھی سمجھ لیں آپ بھی ہمیں مشرک سمجھتے ہیں اور کہیں تو دیوبندی بریلوی کا ذبیحہ کھاتے ہوں گے لہٰذا آپ اپنا شرک والا فتویٰ واپس لیں ظاہر ہے قصاب ہر مذہب کے ہوتے ہیں۔ دیوبندی بریلوی شیعہ مرزائی ضروری تو نہیں قصاب ایک ہی مذہب کے ہوں اس کا تحقیقی جواب یہ ہے کہ جن قصابوں کو گستاخانہ عبارتوں کا علم ہے اس کے باوجود ان عبارتوں کو صحیح سمجھتے ہیں وہ کافر ہیں ان کا ذبیحہ مردار ہے۔

سرفراز صاحب اپنی کتاب "ارشاد الشیعہ" میں بھی شیعہ حضرات کی تکفیر کرتے ہیں نیز جن عقائد کی وجہ سے دیوبندیوں کی معتبر کتاب **تقویۃ الایمان** میں کفر و شرک کے فتوی جات دیے گئے ہیں وہ تمام شیعہ میں موجود ہیں مثلاً علم غیب حاضر ناظر مختار کل استمداد وغیرہ یہ تمام عقائد شیعہ کے اندر موجود ہیں جو وہابیوں کے نزدیک کفر کی علت ہیں اور حکم علت کی وجہ سے دائر ہوتا ہے لہٰذا جب وہ آپ کے نزدیک کافر ہیں تو ان کا ذبیحہ بھی مردار ہوگا تو کیا وہابی ان کے ہاتھ کا ذبیحہ کبھی بھی نہیں کھاتے ہیں ایسا ہرگز ممکن نہیں تو کیا اپنے تکفیر والے فتوے سے رجوع کریں گے کیا وہابیوں کے رشتہ داروں میں شیعہ عقائد کے حامل نہیں پائے جاتے۔ کیا قربانی عقیقہ وغیرہ پر گوشت نہیں لیتے دیتے اپنے اکابر کے سر سے کفری بوجھ اتارو تو آپ کے بس میں نہیں ایسی الغویات سے ان کا ایمان ثابت نہیں ہو سکتا۔ ہو سکے تو اپنے عقائد سے توبہ کر کے سنی ہو جاؤ دنیاوی عزت اور جھوٹے وقار کی خاطر اپنے آپ کو (علوا دنی النار) کا مستحق بنانا بڑے خسارے کا سودا ہے۔

کیا واقعی دیوبندی شرک و بدعت سے متنفر ہیں

سرفراز صاحب فرماتے ہیں کہ خان صاحب کی مخالفت کی وجہ صرف یہی ہے کہ اکابر دیوبند تو حید و سنت کے شیدائی اور شرک و بدعت سے سخت متنفر ہیں اور پھر سرفراز صاحب بادصبا



Mohammad Sajid Siddiqui

Scanned by CamScanner

الحمد للہ والصلوٰۃ علی نبیہ کہ کتاب ہدایت مآب

الموضوعات کبریٰ مشہور بہ

موضوعات کبیر

از تصنیف

ملا علی قاری

سنہ ۱۳۰۴ھ

حنفی

مترجم اردو

باہتمام شیخ محی الدین تاجر کتب در مطبع صدیقی لاہور مطبوع گردید

اسعد بن الحضیر ما هی باول برکتکم یا آل ابی
بکر قالت فبعثنا البعیر الذی کنت علیه فوجدنا
العقد تحته قال ومن هذا ای ومن هذا القبیل
حدیث تلقیح الثمر وقال ما اری لو ترکتموه لا یضره
شیئا فترکوه فجاء شیصا فقال انتم اعلم بدنیاکم
رواه مسلم عن عائشة وقد قال تعالی (قل لا اقول
لکم عندی خزائن الله ولا اعلم الغیب **فقال**
ولو کنت اعلم الغیب لاستکثرت من الخیر) ولما
جری لام المومنین عائشة ما جری ورماها اهل الافک
لم یکن یعلم حقیقة الامر حتی جاءه الوحی من الله تعالی
ببرائتها وعند هؤلاء الغلاة انه علیه السلام کان
یعلم الحال وانه غیرها بلا ریب فی استشار الناس فی
فراقها ودعا ریحانة فسألها فهو یعلم الحال و
قال لها ان کنت المت بذنب فاستغفری الله وهو
یعلم علما یقینا انها لم تلم بذنب ولا ریب ان الحال
هؤلاء علی هذا الغلو اعتقادهم انه یکفر عنهم
سیئاتهم ویدخل الجنة وکلما غلوا کانوا اقرب الیه
واخص به فهم اعصی الناس لامره واشدهم مخالفة
لسنته وهؤلاء فیهم شبه ظاهر من النصاری غلوا
فی المسیح اعظم الغلو وخالفوا شرعه ودینه اعظم
المخالفة والمقصود ان هؤلاء یصدقون بالاحادیث
المکذوبة الصریحة ویحرفون الاحادیث الصحیحة
والله ولی دینه فیقیم من یقوم له بحق النصیحة
فصل ویشبه هذا ما وقع فیه الغلط من
حدیث ابی هریرة خلق الله التربة یوم السبت

اسعد بن الحضیر نے ای آل ابی بکر کی یہ تمہاری کوئی پہلی برکت نہیں ہے
کہا عائشہ نے ہم نے اس اونٹ کو اوٹھایا جسپر میں تھی تو ہار اوسکے نیچے سے
نکلا کہا اور اسی قبیل سے ہے یہ حدیث کھجوروں کی جفتی کرانیکے فرمایا آنحضرت
نے میں نہیں جانتا اگر تم اسکو چھوڑ دو تو کچھ ضرر ہو پھر لوگوں نے چھوڑ دیا
اور حال ابتر ہوا فرمایا تم دنیا کی کاموں کو مجھسے زیادہ جانتے ہو مسلم
نے عائشہ سے روایت کی ہے اور اللہ تعالی نے فرمایا ہے (کہہ میں تمہارے
لئے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کی خزانے ہیں اور میں غیب نہیں جانتا)
اور فرمایا (اگر میں غیب جانتا تو میں خیر بہت جمع کرتا) اور جب ام المومنین
عائشہ سے واردات گذری اور اہل افک نے انکی حق میں طعن تشنیع کیا آن
حضرت حقیقت امر کی نہ جانتے تھے تا کہ وحی اوسکی برأت کا اللہ تعالی سے
نازل ہوا۔ اور ان غالیوں کے نزدیک آنحضرت حال جانتے تھے اور اسکو
تغیر کر دیا اور آدمیوں سے اوسکے فراق کی بابت مشورہ لیا اور اونکی
(لونڈی) ریحانہ کو بلا کر پوچھا حالانکہ خود جانتے تھے اور کہا اگر تونے
گناہ کیا ہے تو اللہ تعالی سے بخشش طلب کر اور خود یقینا جانتے تھے
کہ اسنے گناہ نہیں کیا اور شک نہیں ہے کہ ان لوگوں کا اعتقاد
باوجود اس غلو کے یہ ہے کہ ہماری برائیاں دور ہوتی ہیں اور جنت
میں داخل ہونگے اور جسقدر ہم غلو کرینگے اسیقدر قریب اور
مخصوص تر ہونگے حالانکہ وہ اس امر میں سب آدمیوں سے زیادہ نافرمان
ہیں اور سنت کی بہت مخالف ہیں اور انمیں نصاری کا شبہ ظاہر ہے
اسلئے کہ انہوں نے عیسی علیہ السلام پر بہت غلو کیا ہے اور اوسکی شریعت اور
دین کے بہت مخالف ہو گئے مقصود یہ ہے کہ یہ لوگ واہی تباہی حدیثوں کی تصدیق
کر لیتے ہیں اور احادیث صحیحہ کی تحریف کرتے ہیں اللہ اپنے دین کا والی
ہے قائم رکھے اوسکو جو حق نصیحت کرنیکے لئے کھڑا ہوا ہے **فصل**
اس سے مشابہ ہے وہ جس میں غلطی واقع ہوئی ہے جیسے حدیث
ابو ہریرہ کی کہ اللہ تعالی نے شنبہ کی دن خاک کو پیدا کیا ہے

لہٰذا حضور علیہ السلام کو علم غیب ماننا شرک ہے۔

جواب: غیب جاننا بھی خدا کی صفت ہے حاضر چیزوں کا جاننا بھی خدا کی صفت ہے۔ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ۔ اسی طرح سننا دیکھنا زندہ ہونا سب خدا کی صفات ہیں۔ تو اگر کسی کو حاضر چیز کا علم ماننا یا کسی کو سمیع یا بصیر یا حی ماننا ہر طرح شرک ہوا۔ فرق یہ ہی کیا جاتا ہے کہ ہمارا سننا دیکھنا زندہ رہنا خدا کے دینے سے ہے اور حادث ہے۔ خدا کی یہ صفات ذاتی اور قدیم پھر شرک کیسا؟ اسی طرح علم غیب نبی عطائی اور حادث اور متناہی ہے۔ رب کا علم ذاتی قدیم اور کل معلومات غیر متناہیہ کا ہے نیز یہ شرک تو تم پر بھی لازم ہے۔ کیونکہ تم حضور علیہ السلام کے لیے علم غیب مانتے ہو بعض ہی کا سہی۔ اور خدا کی صفت میں کُلًّا و بعضًا ہر طرح شریک کرنا شرک ہے۔ نیز مولوی حسین علی صاحب واں بھچراں والے جو مولوی رشید احمد صاحب کے خاص شاگرد ہیں۔ اپنی کتاب بلغۃ الحیران زیر آیت یَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِي كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ میں لکھتے ہیں کہ خدا کو ہر وقت مخلوقات کے اعمال کا علم نہیں ہوتا۔ بلکہ بندے جب اعمال کر لیتے ہیں۔ تب علم ہوتا ہے۔ اب تو علم غیب خدا کی صفت رہی ہی نہیں۔ پھر کسی کو علم غیب ماننا شرک کیوں ہوگا۔

اعتراض (۳) حضور علیہ السلام کو علم غیب کب حاصل ہوا۔ تم کبھی تو کہتے ہو کہ شب معراج منہ میں قطرہ ٹپکایا گیا اس سے علم غیب ملا اور کبھی کہتے ہو کہ خواب میں رب کو دیکھا کہ اس نے اپنا دست قدرت حضور علیہ السلام کے شانہ پر رکھا۔ جس سے تمام علوم حاصل ہوئے۔ کبھی کہتے ہو کہ قرآن تمام چیزوں کا بیان ہے۔ اس کے نزول ختم ہونے سے علم غیب ملا۔ اس میں کونسی بات درست ہے۔ اگر نزول قرآن سے پہلے علم مل چکا تھا تو قرآن سے کیا ملا۔ تحصیل حاصل محال ہے۔

جواب: حضور علیہ السلام کو نفس علم غیب تو ولادت سے پہلے ہی عطا ہو چکا تھا کیونکہ آپ ولادت سے قبل عالم ارواح میں نبی تھے۔ كُنْتُ نَبِيًّا وَّاٰدَمُ بَيْنَ الطِّيْنِ وَالْمَاءِ اور نبی کہتے ہی اس کو ہیں جو غیب کی خبر دے۔ مگر ماکان ومایکون کی تکمیل شب معراج میں ہوئی۔ لیکن یہ تمام علوم شہودی تھے کہ تمام اشیاء کو نظر سے مشاہدہ فرمایا۔ پھر قرآن نے ان ہی دیکھی ہوئی چیزوں کا بیان فرمایا اسی لیے قرآن میں ہے۔ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ ہر چیز کا بیان۔ اور معراج میں ہوا فَتَجَلّٰى لِيْ كُلُّ شَيْءٍ وَّعَرَفْتُ دیکھنا اور ہے بیان کچھ اور۔ جیسے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرما کر ان کو تمام چیزیں دکھا دیں۔ بعد میں

Marfat.com

۳۴۲۵

اُ

الحمد للہ

مسئلۂ علم غیب میں اعلیحضرت مجدد دین و ملت جناب مولنا مولوی احمد رضا خاں صاحب

نور اللہ مرقدہ کا ایک مبارک ارشاد مسمی بنام تاریخی

خالص الاعتقاد

۱۳۲۸

جسمیں ایکسو ۱۲۰ بیس عبارات ائمۂ دین و علمائے معتمدین سے ان امور کا روشن ثبوت دیا کہ (۱) انبیاء و اولیا علیہم الصلاۃ والثنا کو علوم غیب عطا ہوئے (۲) عرش تا فرش شرق تا غرب روز اول تا روز آخر کے کائنات انپر روشن کیے گئے (۳) آیات نفی سے یہ مراد (۴) تکفیر فقہا کا یہ مفاد (۵) وہابی افترا و انکار د (۶) منکران علم غیب پر قرآن عظیم نے فتوائے کفر دیا (۷) اسکے جواب میں اسمعیل دہلوی و جناب گنگوہی صاحب وہابیہ نے علما و اولیا و ائمۂ اہل بیت و صحابہ و انبیا و خود سید الانبیا یہانتک کہ خود حضرت کبریا کو کافر و مشرک بنا دیا مع تمہید مسمی بنام تاریخی

رماح القہار علی کفر الکفار

۱۳۲۸

جسمیں بارہ غایۃ المامول وہابیہ کے مکر اور سیف المصطفی کی بیچیائیوں کا ذکر ہے جس نے کسی عاقل کے نزدیک وہابیہ کو قابل خطاب نہ رکھا

مطبع اہلسنت و جماعت بریلی میں طبع ہوا

بار سوم ۵۰۰ جلد

قیمت فی نسخہ ۳

باہتمام جناب مولنا مولوی حاجی حکیم ابو العلا امجد علی صاحب اعظمی رضوی مہتمم شائع ہوا

تاویل کا مسئلہ اہلسنت کا خلافیہ ہے متاخرین نے تاویل اختیار کی پھر اس سے نہ یہ گمراہ ہوئے نہ وہ کہ اجرا علی الظاہر
بعنی مذکور کرتے ہیں جسکا حاصل صرف آمنا کہ امنا بہ کل من عند ربنا بعینہ یہی حالت مسئلہ علم غیب
کی ہے اسمیں بھی تینوں قسم کے مسائل موجود ہیں (۱) اللہ عزوجل ہی عالم بالذات ہے بے اُسکے بتائے
ایک حرف کوئی نہیں جان سکتا (۲) رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اور دیگر انبیائے کرام علیہم الصلاۃ
والسلام کو اللہ عزوجل نے اپنے بعض غیوب کا علم دیا (۳) رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا علم اوروں
سے زائد ہے ابلیس کا علم معاذ اللہ علم اقدس سے ہرگز وسیع تر نہیں (۴) جو علم اللہ عزوجل کی صفت خاصہ
ہے جسمیں اُسکے حبیب محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو شریک کرنا بھی شرک ہو وہ ہرگز ابلیس کے لیے
نہیں ہو سکتا جو ایسا مانے قطعاً مشرک کافر ملعون بندۂ ابلیس ہے (۵) زید و عمرو ہر بچے پاگل چوپائے
کو علم غیب میں محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے مماثل کہنا حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
کی صریح توہین اور کھلا کفر ہے یہ سب مسائل ضروریات دین سے ہیں اور انکا منکر انمیں ادنے شک لانیوالا
قطعاً کافر یہ قسم اول ہوئی (۶) اولیائے کرام نفعنا اللہ تعالی ببرکاتہم فی الدارین کو بھی کچھ علوم غیب
ملتے ہیں مگر بوساطت رسل علیہم الصلاۃ والسلام معتزلہ خذلہم اللہ تعالی کہ صرف رسولوں کے لیے
اطلاع غیب مانتے اور اولیائے کرام رضی اللہ تعالی عنہم کا علوم غیب میں اصلا حصہ نہیں جانتے گمراہ
و بتدع ہیں (۷) اللہ عزوجل نے اپنے محبوبوں خصوصاً سید المحبوبین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو غیوب
خمسہ سے بہت جزئیات کا علم بخشا جو یہ کہے کہ خمس میں سے کسی فرد کا علم کسی کو نہ دیا گیا ہزارہا احادیث متواترۃ
المعنی کا منکر اور بد مذہب خاسر ہے یہ قسم دوم ہوئی (۸) رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو تعیین وقت
قیامت کا بھی علم ملا (۹) حضور کو بلا استثنا جمیع جزئیات خمس کا علم ہے (۱۰) جملہ مکنونات قلم و مکتوبات لوح
بالجملہ روز اول سے روز آخر تک تمام ماکان و مایکون مندرجۂ لوح محفوظ اور اس سے بہت زائد کا علم ہے جسمیں
ماورائے قیامت تو جملہ افراد خمس داخل اور دربارۂ قیامت اگر ثابت ہو کہ اُسکی تعیین وقت بھی درج لوح
ہے تو اُسے بھی شامل ورنہ دونوں احتمال حاصل (۱۱) حضور پر نور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کو حقیقت روح
کا بھی علم ہے (۱۲) جملہ متشابہات قرآنیہ کا بھی علم ہے یہ پانچوں مسائل قسم سوم سے ہیں کہ انمیں خود علمائے اہلسنت

اہلسنت مختلف رہے ہیں جسکا بیان بعونہ تعالیٰ عنقریب واضح ہوگا انہیں تثبت نافی کسی پر معاذ اللہ کفر کیا معنی
ضلال یا فسق کا بھی حکم نہیں ہوسکتا جبکہ پہلے سات مسئلوں پر ایمان رکھتا ہو اور ان پانچ کا انکار اُس مرض
قلب کی بنا پر نہ ہو جو وہابیہ قاسم اللہ تعالیٰ کے نجس دلوں کو ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فضائل
سے جلتے اور جہانتک بنے تنقیص و کمی کی راہ چلتے ہیں فی قلوبھم مرض فزادھم اللہ مرضا ولاھل السنۃ
من اللہ احمد رضا آمین اب وہابیہ کی سکاریاں دیکھیے اولاً جب انھیں معلوم ہوا کہ سرکار اعظم مدینہ
طیبہ میں مفتی شافعیہ کو باتباع اہل ظاہر بعض مسائل قسم سوم میں خلاف ہے جسکا اپنا خلاف تو مسائل قسم
اول میں تھا انکار ضروریات دین و توہین حضور پر نور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم کرکے خود
انھیں مفتی شافعیہ وجملہ مفتیان کرام ہر دو حرم محترم کے روشن فتووں سے کافر مرتد مستحق لعنت ابد ٹھہر
چکے تھے جھٹ سب سے ہلکی قسم سوم میں خلاف لا ڈالا۔ دو فائدے سوچکر ایک یہ کہ جب مسئلہ خود اہلسنت
کا خلافیہ ہے تو ادھر بھی عبارات علما ملا جائینگی ناواقفوں کے سامنے غل مچانیکی گنجائش تو ہوگی دوسرے
سب سے بڑا جل یہ کہ مفتی صاحب سے کوئی تحریر ہاتھ آسکیگی جسے بزور زبان و زور بہتان حسام الحرمین کا
معاوضہ ٹھہرا سکیں اور گلے پھاڑ کر چیخنا شروع کیا کہ علم غیب میں مناظرہ کر لو ہے کی بھوتوں سے کہیے کہ مسائل
قسم اول تو اصل الاصول مسائل علم غیب ہیں جنکے تم تو اُنکے منکر ہو کر باجماع علمائے حرمین شریفین کافر
ٹھہر چکے ہو انھیں چھوڑ کر سب سے ہلکے مسائل قسم سوم کی طرف کہاں رہے جاتے ہو جو خود ہم اہلسنت کے خلافیہ
ہیں پہلے مسلمان تو ہو لو پھر کسی فرعی مسئلہ کو چھیڑو اسکی نظیر یہی ہو سکتی ہے کہ کوئی ملعون معاذ اللہ عزوجل
کے لیے ہمارے ہی سے ہاتھ پاؤں آنکھ کان گوشت پوست استخوان سے مرکب مانے اور جب اہل اسلام اسکی
تکفیر کریں تو علما و علیہم میں مسئلہ خلافیہ تاویل و تفویض میں بحث کی آڑ لے اُس سے یہی کہا جائیگا کہ ایسی
کے منہ سے تو تو صراحۃً اُس قدوس متعالی عز جلالہ کو اپنا سا جسم مانکر کافر ہو چکا ہے تجھ سے اور اس مسئلہ
خلافیہ اہلسنت سے کیا علاقہ۔ دجال کے گدھے پہلے آدمی تو بن مسلمان تو ہو پھر تفویض و تاویل پوچھیو۔
مسلمانو ان جہنمیوں کے علم غیب ہے کا یہ حاصل ہے تعساً لھم واضل اعمالھم ثانیاً مش خویش پر نعوذ باللہ
کا مسئلہ ایک بے تھوڑ مخصوص آنم ہاثوم زنگی کا نور ہے سوم کو ذکر کر سفر میں بعون اللہ تعالیٰ خائب و خاسر و ذلیل

دوسری مصیبت

له ماثوم مجرم
سزا یافتہ کو خدا کو
کیفر کردار تک پہنچانا ہے
۱۲ منہ

ازاختة الغیب لسیف الغیب

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ



اللہ اکبر معاذ اللہ من شرہ۔

الجواب اللہ عزوجل گمراہی و بےحیائی سے پناہ دے، فقیر نے انباء المصطفٰی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے مختصر جملوں میں ان شبہات اور ان جیسے ہزاروں ہوں تو سب کا جواب شافی دے دیا مگر وہابیہ اپنی خرافات سے باز نہیں آتے، الدولۃ المکیہ میں بیان ابین ہے، میں پھر تذکیر کردوں کہ انشاء اللہ العزیز بار بار سوال کی حاجت نہ ہو اور ذی فہم سنی ایسے لاکھ شبہے ہوں تو سب کا جواب خود دے لے، فقیر نے قرآنِ عظیم کی آیاتِ قطعیہ سے ثابت کیا کہ قرآنِ عظیم نے ۲۳ برس

Marfat.com

بتدریج نزول اجلال فرما کر اپنے حبیب صلے اللہ علیہ وسلم کو جمیع ماکان و مایکون یعنی روزِ اول سے آخر تک کی ہر شئے ہر بات کا علم عطا فرمایا اور اصول میں مبرہن ہوچکا کہ آیاتِ قطعیہ کے خلاف کوئی حدیث آحاد بھی مسلم نہیں ہوسکتی اگرچہ سنداً صحیح ہو تو مخالف قرآنِ عظیم کے خلاف پر جو دلیل پیش کرے اس پر چار باتوں کا لحاظ لازم :-

اوّل : وہ آیت قطعی الدلالۃ یا ایسی ہی حدیثِ متواتر ہو۔

دوم : واقعہ تمامی نزولِ قرآن کے بعد کا ہو۔

سوم : اس دلیل سے رأساً عدم حصولِ علم ثابت ہو کہ مخالف مستدل ہے اور محل دلول میں اس پر جزم محال اور وہ منافی حصولِ علم نہیں بلکہ اس کا مثبت و مقتضی ہے

چہارم : صراحۃً نفیِ علم کرے ورنہ بہت علوم کا اظہار مصلحت نہیں ہوتا اور اللہ اعلم یا خدا ہی جانے یا اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا ایسی جگہ قطعِ طمعِ جواب کے لئے بھی ہوتا ہے اور نفیِ حقیقتِ ذاتیہ، نفیِ حقیقتِ عطائیہ کو مستلزم نہیں، اللہ عزوجل روزِ قیامت رسولوں کو جمع کرکے فرمائے گا ماذا اجبتم تم جو ہمارے پاس ہدایت لے کر گئے انہوں نے تم کو کیا جواب دیا؟ سب عرض کریں گے لاعلم لنا ہمیں کچھ علم نہیں۔

ان شبہات اور ان کے امثال کے رد کو یہی چار جملے بس ہیں اور یہاں امرِ پنجم اور ہے کہ وہ واقعہ روزِ اول سے قیامِ قیامت تک یعنی ان حوادث سے جو لوحِ محفوظ میں ثبت ہیں کہ انہیں کے احاطہ کا دعویٰ ہے۔ امور متعلقہ ذات و صفات و ابد وغیرہ نامتناہیات سے ہو تو بحث سے خروج اور دائرۂ جنون و سفاہت میں صریح ولوج ہے، ان جملوں کے لحاظ کے بعد وہابیہ کے تمام شبہات برباد ہو جاتے ہیں: کَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۝

اب یہیں ملاحظہ کیجئے اولاً چاروں شبہے امرِ اول سے مردود ہیں ان میں کونسی آیت یا حدیث متواتر قطعی الدلالۃ ہے، ثانیاً دوسرا اور چوتھا شبہ امرِ دوم سے

تفسیر مظہری

تالیف

حضرت علامہ قاضی محمد ثناء اللہ عثمانی مجددی پانی پتی

مولانا سید عبد الدائم الجلالی

دار الاشاعت

وقت ابتدائی دور تھا آپ کی نزولی حالت کا آغاز تھا بظاہر آپ کو اپنی حالت انقطاعی محسوس ہوئی آپ نے خیال کیا کہ کیا میں اللہ سے بالکل کٹ گیا اور مخلوق کی طرف میرا رخ ہو گیا اس خیال کی مزید تائید اس بات سے بھی ہوئی کہ وحی کے عارضی رک جانے کا یہی زمانہ تھا اس لئے آپ کو سخت ترین رنج تھا یہاں تک کہ صحیح بخاری میں آیا ہے کہ آپ ﷺ کئی بار اس ارادے سے نکلے کہ پہاڑوں کی چوٹیوں سے اپنے آپ ﷺ کو گرادیں لیکن جب بھی نیچے گرنے کے ارادہ سے پہاڑ کی چوٹی پر پہنچے جبرئیل نے ندا دی محمد ﷺ آپ یقیناً اللہ کے رسول ہیں۔

حضرت خدیجہؓ نے آپ ﷺ کی بے چینی کو دیکھ کر ہی کہا تھا کہ آپ ﷺ کا رب آپ ﷺ سے خفا ہو گیا ہے رسول اللہ ﷺ اس حالت کے زائل ہو جانے کے خواستگار تھے جس میں خالق سے انقطاع اور مخلوق کی طرف میلان ہو گیا تھا اور جس کو حضور ﷺ نے اللہ کی طرف سے بالکل ترک اور خفگی سمجھ لیا تھا اور اسی کا آپ کو رنج تھا اور دل سے خواہش مند تھے کہ اللہ سے دوامی تعلق اور بلا حجاب وصل قائم رہے۔

اس تفصیل کی روشنی میں آیت مَاوَدَّعَکَ رَبُّکَ وَمَا قَلٰی کا مطلب یہ ہوگا کہ یہ فراقی حالت جو تم کو پیش ہے ترک تعلق اور ناراضگی نہیں کہ آپ ﷺ رنجیدہ ہوں بلکہ یہ کمال عروج و وصل ہے اگرچہ ظاہر میں نزول و فراق ہے تمہاری ہر دوسری حالت پہلی حالت سے بہتر ہی ہوگی تمہارے احوال میں ضعف اور سستی نہیں آئے گی بالآخر دوسری زندگی میں تم کو غیر منقطع وصل اور دیدار حاصل ہو جائے گا وہاں نہ تبلیغ کا حکم ہوگا نہ خلق کی طرف تمہاری توجہ نہ فراق کی تکلیف اور دنیا و آخرت میں اللہ تم کو تمہاری پسندیدہ اور محبوب چیز عنایت فرمائے گا۔

وَوَجَدَکَ اور اللہ نے تم کو پایا (یا جان لیا) اس کا عطف اَلَمْ یَجِدْکَ کے معنی پر ہے کیونکہ اَلَمْ یَجِدْکَ (لفظاً منفی اور معنیً مثبت ہے اور اس) کا معنی بھی وجدک ہے پس عطف خبر پر ہو گیا انشاء پر نہیں ہوا۔

ضَآلًّا علامات نبوت اور احکام شریعت سے بے خبر اور ان تمام علوم سے لاعلم جن کو جاننے کا ذریعہ سوا نقل کے (کسی طور پر عقل) نہیں اسی مفہوم کی مثل آیت وَاِنْ کُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِیْنَ اور آیت مَاکُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْکِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ کا مفہوم ہے۔ حسنؒ، ضحاکؒ اور ابن کیسانؒ نے یہی تفسیر کی ہے ابوالضحیٰ کی روایت سے حضرت ابن عباسؓ کا قول آیا ہے کہ (آیت کا مطلب اس طرح ہے) تم بچہ تھے چھوٹے تھے خوبصورت تھے مکہ کے نوجوانوں میں نا قابل ذکر تھے حلیمہ نے تم کو دودھ پلایا تھا پھر دودھ چھڑا کر تمہارے دادا عبدالمطلب کے پاس تم کو واپس دینے لائی تھی۔

سعید بن المسیبؒ نے بیان کیا کہ حضرت خدیجہؓ کے غلام میسرہ کے قافلہ میں ابو طالب کے ساتھ رسول اللہ ﷺ بھی موجود تھے۔ ایک تاریک رات میں جبکہ آپ اونٹنی پر سوار جا رہے تھے اچانک آپ کی اونٹنی کی مہار ابلیس نے پکڑ کر راستہ سے اس کا رخ موڑ دیا فوراً حضرت جبرئیل نے آکر ابلیس پر پھونک ماری کہ وہ حبش میں جا گرا۔ اور رسول اللہ ﷺ کو قافلہ کی طرف لوٹا دیا۔

بعض نے کہا وَجَدَکَ ضَآلًّا کا یہ معنی ہے کہ تم اپنے نفس سے بھی واقف نہ تھے۔ بعض صوفیہ نے اس طرح تشریح کی کہ اللہ نے تم کو عاشق محب پایا تمہارا عشق حد سے آگے بڑھ چکا تھا جذب کی حالت کو ضلال بطور کنایہ کہا جا سکتا ہے کیونکہ مجذوب اکثر غلط راستہ پر پڑ جاتا ہے (گویا ضَآلًّا سے مراد ہے مجذوب) حدیث میں آیا ہے کسی چیز کی محبت تم کو اندھا بہرا کر دیتی ہے پس آیت میں مسبب (ضلال) سے سبب (جذب) مراد ہے جیسا کہ آیت میں آیا ہے اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ اللہ نے آسمان سے رزق اتارا یعنی بارش (رزق مسبب ہے بارش سبب) حضرت یوسفؑ کے بھائیوں نے اپنے باپ (حضرت یعقوبؑ) کے متعلق کہا تھا اِنَّ اَبَانَا لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ اور اِنَّکَ لَفِیْ ضَلٰلِکَ الْقَدِیْمِ (یعنی عشق یوسف کی کھلی ہوئی اور پرانی دیوانگی)

مصر کی عورتوں نے عزیز مصر کی بیوی کے متعلق کہا تھا تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَّفْسِهٖ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا اِنَّا لَنَرٰىهَا فِیْ

حجۃ الاسلام مولانا الشاہ حامد رضا خاں صاحب و بدر السلام حضور مفتی اعظم قبلہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: صبح پیلی بھیت جانا ہے۔ اَلْاَ سَدُّ الْاَ سْعَدُ الْاَ شَدُّ الْاَ رْ شَدُ مولانا شاہ وصی احمد علیہ رضوان الصمد کا ابھی وصال ہو گیا ہے اور فرمایا وہ دنیا سے کیا رخصت ہوئے بلکہ میرا داہنا ہاتھ مجھ سے جدا ہو گیا اور میری کمر ٹوٹ گئی۔ (۱)

فائدہ:

سبحان اللہ! سبحان اللہ! چودھویں صدی کے مجدد، نائب غوث اعظم اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ بریلی شریف میں ہیں۔ مگر خبر رکھتے ہیں شر قپور کی، علم رکھتے ہیں پیلی بھیت کی، ٹیلی فون کا انتظام ہے نہ موبائیل فون کا اور اللہ کے ولی شر قپور سے روانہ ہوئے ادھر بریلی میں اعلیٰ حضرت ان کے تشریف لانے کی خبر دیتے ہیں۔ اللہ کے محبوب بندے کا وصال پیلی بھیت میں ہو رہا ہے اور اسی وقت اعلیٰ حضرت بریلی میں خبر وصال سنا رہے ہیں۔ مصطفیٰ پیارے صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کے منکرین، بددین کہاں ہیں آئیں اور ان کے عاشق و غلام کے علم غیب کو ملاحظہ کریں۔ کہ جب ان کے غلاموں کے علم کا یہ حال ہے جو علم کہ ان کے آقا و مولیٰ تاجدار مدینہ، سرور قلب و سینہ کا عطیہ و صدقہ ہے تو خود نور مجسم، سید عالم، فخر آدم و بنی آدم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم غیب کا کون اندازہ کر سکتا ہے؟

بن طلب کے من کی مراد حاصل:

جناب سید ایوب علی صاحب کا بیان ہے کہ عید الفطر کے چار پانچ دن باقی تھے۔ میرے بھائی قناعت علی کو خیال آیا کہ اس مرتبہ میرے پاس نئے کپڑے

(۱) تجلیات صفحہ ۹۹



فضلِ قدیر

ترجمہ

جلد ۲

تفسیرِ کبیر

تصنیف
امام فخر الدین محمد بن عمر رازی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم
محقق العصر
مفتی محمد خان قادری مدظلہ العالی

مرکز تحقیقات اسلامیہ
۹- جامعہ اسلامیہ لاہور، میلاد اسٹریٹ گلشن رحمان ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور

اٹھارویں دلیل: فرشتے انسان سے زیادہ علم رکھتے ہیں اور زیادہ علم والا دوسرے پر افضل ہوتا ہے لہٰذا فرشتے افضل ہوں گے

یہ قول کہ فرشتے انسان سے زیادہ علم والے ہیں، پر دلیل یہ ہے کہ حضرت جبریل امین علیہ السلام حضرت محمد ﷺ کے معلم ہیں۔ ارشاد الٰہی ہے

عَلَّمَهُ شَدِيدُ الْقُوَىٰ (پ ۲۷ النجم ۵) انہیں سخت قوتوں والے طاقتور نے سکھایا

اور معلم کا متعلم سے زیادہ علم والا ہونا ضروری ہے۔

علوم کی دو اقسام

پھر علوم کی بھی دو اقسام ہیں:

پہلی قسم: علوم جنہیں بذریعہ عقل حاصل کیا جاتا ہے مثلاً اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کا علم ان میں کوتاہی نہیں ہو سکتی نہ حضرت جبریل علیہ السلام سے اور نہ حضرت محمد ﷺ سے اس لیے کہ یہاں تقصیر جہل ہے اور یہ معرفت الٰہی میں رکاوٹ ہے۔

رہا مخلوقات الٰہیہ کی کیفیات، ان میں موجود عجائبات کا علم، عرش، کرسی، لوح و قلم، جنت و دوزخ، طبقات آسمانی، انواع اور مشاہدہ زیادہ ہے تو ان کا علم بھی اکثر و اتم ہوگا۔

دوسری قسم: علوم جن تک رسائی سوائے وحی الٰہی کے کسی کی نہ ہو، نہ حضرت محمد ﷺ اور نہ کسی نبی علیہ السلام کو۔ ہاں ان کا علم حضرت جبریل امین کے واسطے سے ہوگا تو آپ حضور ﷺ کو حضرت جبریل امین پر فضیلت دینا محال ہے۔ حضرت جبریل امین، اللہ تعالیٰ اور انبیاء علیہم السلام کے درمیان واسطہ ہے تو یہ تمام سابقہ شرائع اور موجودہ شریعت کے عالم ہیں اور یہ شرائع ملائکہ اور ان کے احکام و ذمہ داریوں سے بھی آگاہ ہیں اور حضرت محمد ﷺ ان سے آگاہ نہیں۔

تو ثابت ہوا حضرت جبریل علیہ السلام حضرت محمد ﷺ سے علم زیادہ رکھتے ہیں، اس ثبوت کے بعد لازم کہ جبریل امین آپ سے افضل ہوں۔ ارشاد الٰہی ہے

قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ کہہ دیجئے کیا علم والے اور بے علم برابر ہیں

(پ ۲۳ الزمر ۹)

سوال: ملائکہ کا بشر سے زیادہ علم والا ہونا ہم تسلیم نہیں کرتے۔ دلیل یہ ہے کہ ملائکہ نے اس کا اعتراف کیا، حضرت آدم علیہ السلام ان سے علم زیادہ رکھتے ہیں، ارشاد الٰہی ہے:

کیا عطائی علم غیب کا تعلق کمالات نبوت سے ہے؟؟؟ اگر ہے تو بے شرم انسان شرم سے ڈوب مرو جو کہتے ہیں کہ شیطان کو بھی علم غیب حاصل ہے ، دیکھ تیرے رضا خانی کیسی کیسی گستاخی کر بیٹھے



وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ

اور ہم نے آپ پر اس کتاب کو نازل کیا جو ہر چیز کا روشن بیان ہے

تبیان القرآن

تفسیر

جلد چہارم

الاعراف ۰ الانفال

علامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دار العلوم نعیمیہ کراچی - ۳۸

WWW.NAFSEISLAM.COM

ناشر

فرید بک سٹال، ۳۸ - اردو بازار، لاہور - ۲

علم غیب عطا ہوتا اور لفظ عالم الغیب کا اطلاق اور بعض اجلہ اکابر کے کلام میں اگرچہ بندہ مومن کی نسبت صریح لفظ علم الغیب وارد ہے کمافی مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح للملا علی القاری بلکہ خود حدیث سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں سیدنا خضر علیہ الصلاۃ والسلام کی نسبت ارشاد ہے کان یعلم علم الغیب مگر ہماری تحقیق میں لفظ عالم الغیب کا اطلاق حضرت عزت عز جلالہ کے ساتھ خاص ہے کہ اس سے عرفاً علم بالذات متبادر ہے۔ کشاف میں ہے المراد به الخفي الذي لا ينفذ فيه ابتداء الا علم اللطيف الخبير ولهذا لا يجوز ان يطلق فيقال فلان يعلم الغيب (غیب سے مراد وہ پوشیدہ چیز ہے جس میں ابتداءً صرف اللہ تعالیٰ کا علم نافذ ہوتا ہے۔ اس لیے مطلقاً یہ کہنا جائز نہیں ہے کہ فلاں شخص غیب کو جانتا ہے)

اور اس سے انکار معنی لازم نہیں آتا۔ حضور اقدس ﷺ قطعاً بے شمار غیوب وماکان ومایکون کے عالم ہیں مگر عالم الغیب صرف اللہ عزوجل کو کہا جائے گا' جس طرح حضور اقدس ﷺ قطعاً عزت وجلالت والے ہیں تمام عالم میں ان کے برابر کوئی عزیز وجلیل نہ ہے نہ ہو سکتا ہے مگر محمد عزوجل کہنا جائز نہیں بلکہ اللہ عزوجل ومحمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ غرض صدق وصورت معنی کو جواز اطلاق لفظ لازم نہیں نہ منع اطلاق لفظ کو نفی صحت معنی' امام ابن المنیر اسکندری کتاب الانتصاف میں فرماتے ہیں کم من معتقد لا يطلق القول به خشية ايهام غيره مما لا يجوز اعتقاده فلا ربط بين الاعتقاد و الاطلاق (کتنے عقائد ایسے ہیں جن کا مطلقاً قول نہیں کیا جاتا۔ مبادا ان کے غیر کا وہم کیا جائے جن کا اعتقاد جائز نہیں ہے' اس لیے کسی چیز کا اعتقاد رکھنے اور اس کا اطلاق کرنے میں کوئی تلازم نہیں ہے) یہ سب اس صورت میں ہے کہ مقید بقید اطلاق اطلاق کیا جائے یا بلا قید علی الاطلاق مثلاً عالم الغیب یا عالم الغیب علی الاطلاق اور اگر ایسا نہ ہو بلکہ بالواسطہ یا بالعطا کی تصریح کر دی جائے تو وہ محذور نہیں کہ ایہام زائل اور مراد حاصل۔ علامہ سید شریف قدس سرہ حواشی کشاف میں فرماتے ہیں وانما لم يجز الاطلاق في غيره تعالى لانه يتبادر منه تعلق علمه به ابتداء فيكون مناقضا واما اذا قيد وقيل اعلمه الله تعالى الغيب او اطلعه عليه فلا محذور فيه (اللہ تعالیٰ کے غیر کے لیے علم غیب کا اطلاق کرنا اس لیے جائز نہیں ہے کیونکہ اس سے متبادر یہ ہوتا ہے کہ اس کے ساتھ علم کا تعلق ابتداءً ہے' تو یہ قرآن مجید کے خلاف ہو جائے گا لیکن جب اس کو مقید کیا جائے اور یوں کہا جائے کہ اس کو اللہ تعالیٰ نے غیب کی خبر دی ہے یا اس کو غیب پر مطلع فرمایا ہے تو پھر اس میں کوئی حرج نہیں ہے)۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹' ص ۸۱' مطبوعہ دار العلوم امجدیہ' کراچی)

WWW.NAFSEISLAM.COM

نیز اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فرماتے ہیں:

علم ما فی الغد (کل کا علم) کے بارہ میں ام المومنین کا قول ہے کہ جو یہ کہے کہ حضور کو علم ما فی الغد تھا (کل کا علم تھا) وہ جھوٹا ہے۔ اس سے مطلق علم کا انکار نکالنا محض جہالت ہے علم جب کہ مطلق بولا جائے خصوصاً جب کہ غیب کی خبر کی طرف مضاف ہو تو اس سے مراد علم ذاتی ہوتا ہے۔ اس کی تصریح حاشیہ کشاف پر میر سید شریف رحمتہ اللہ علیہ نے کر دی ہے اور یہ یقیناً حق ہے کہ کوئی شخص کسی مخلوق کے لیے ایک ذرہ کا بھی علم ذاتی مانے یقیناً کافر ہے۔

(ملفوظات ج ۳' ص ۴۴' مطبوعہ مدینہ پبلشنگ کمپنی' کراچی)

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی اور شیخ شبیر احمد عثمانی دونوں نے ہی یہ تصریح کی ہے کہ علوم اولین و آخرین کے حامل ہونے اور بکثرت غیوب پر مطلع ہونے کے باوجود نبی ﷺ کو عالم الغیب کہنا اور آپ کی طرف علم غیب کی نسبت کرنا ہر چند کہ از روئے لغت اور معنی صحیح ہے لیکن اصطلاحاً صحیح نہیں ہے۔

علمائے حنفیہ کا نبی ﷺ کا علم غیب ماننے والوں پر کفر کا فتویٰ

ابن الہمام الحنفی لکھتے ہیں: فقہا حنفیہ نے صریحاً تکفیر کی ہے اس شخص کی جو یہ اعتقاد رکھے کہ نبی ﷺ علم غیب جانتے تھے کیونکہ اللہ فرماتا ہے: قُل لَّا يَعْلَمُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ الْغَيْبَ إِلَّا اللَّهُ ۔ (كتاب المسامرة للكمال بن أبي شريف بشرح المسايرة للعلامة الكمال بن الهمام۔ صفحہ202)۔

كتاب المسامرة

للكمال بن أبي شريف بشرح المسايرة للعلامة

الكمال بن الهمام في علم الكلام

رحمهم الله

وعلى المسايرة أيضا حاشية للشيخ زين الدين بن قاسم الحنفي وضعناها في

صلب الصحيفة عقب المسامرة مفصولا بينهما بجدول

وجعلنا التعقيبة للكتاب الاول

(تنبيه)

كل من أراد هذا الكتاب من خارج القطر فليخابر الشيخ فرج الله زكي

الكردي بالجامع الازهر الشريف بمصر

ومحل بيعه بمصر عند شكر الله أفندي بجوار أجزخانة اسكولاب بالموسكي

(حقوق الطبع محفوظة للملتزم)

(الطبعة الاولى)

بالمطبعة الكبرى الاميرية ببولاق مصر المحمية

سنة ١٣١٧

هجرية

(بالقسم الادبي)

علم بعض المسائل لعدم الخطور) أي خطور تلك المسائل ببالهم (فأما اذا خطرت) لهم (فلا بد من علمهم بها) أي بأحكامها (واصابتهم فيها ان اجتهدوا) بناء على الراجح أن للانبياء أن يجتهدوا مطلقا وعليه الاكثر أو بعد انتظار الوحي وعليه الحنفية واختاره المصنف في التحرير فاذا اجتهدوا فلا بد من اصابتهم (ابتداء أو انتهاء) لان من قال كل مجتهد مصيب أو منع الخطأ في اجتهاد الانبياء خاصة فهم مصيبون عنده ابتداء ومن جوز الخطأ في اجتهادهم قال لا يقرون عليه بل ينبهون فهم مصيبون عنده إما ابتداء حيث لم يتقدم خطأ وإما انتهاء حيث نبهوا على الصواب فرجعوا اليه (وكذا علم المغيبات) أي وكعدم علم بعض المسائل عدم علم المغيبات فلا يعلم النبي منها الا ما أعلمه الله تعالى به أحيانا (وذكر الحنفية) في فروعهم (تصريحا بالتكفير باعتقاد أن النبي يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالى قل لا يعلم من في السموات والارض الغيب الا الله) والله أعلم (الاصل العاشر) في اثبات نبوة نبينا محمد صلى الله عليه وسلم (نشهد أن محمدا رسول الله أرسله الى الخلق أجمعين) بالهدى ودين الحق (خاتم النبيين وناسخا لما قبله من الشرائع) والخلق بمعنى المخلوقين لان الرسالة الى من يعقل من الانس والجن قال بعض العلماء والى الملائكة نقل ذلك الشيخ الامام أبو الحسن السبكي وصرح الامام الرازي في تفسير قوله تعالى تبارك الذي نزل الفرقان على عبده ليكون للعالمين نذيرا بعدم دخول الملائكة في عموم من بعث

وهذا معنى قول القاضي البيضاوي وقوله هذا ربي على سبيل الفرض فان المستدل على فساد قول يحكيه على ما يقوله الخصم ثم يكر عليه بالافساد وبهذا يجاب عن قول صاحب الامالي قوله لا أحب الآفلين مشكل غاية الاشكال لان الدال على عدم الهية الكوكب ان كان التغير فقد وجد قبل الافول ولا معنى لاختصاصه به وان كان الغيبة عن البصر فيلزم في حق الله تعالى وان كان كونها انتقل من كمال وهو العلو الى نقصان فقد كان ناقصا عند الاشراق وأيضا قلنا فلما تعلم له قبل الافول أنه يأفل وانه

صلى


جاء الحق
حکیم الامت
مفتی احمد یار خاں

ضبط بھی دیتا ہے کر دیکھتے ہیں مگر بے مرضی الٰہی راز فاش نہیں کرتے ہیں اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ہماری یہ تقریر اگر خیال میں رہی تو بہت مفید ہوگی۔ انشاءاللہ۔

اعتراض (۸) حدیث شریف میں ہے کہ حضور علیہ السلام نے بعض ازواج کے گھر شہد ملاحظہ فرمایا۔ اس پر حضرت عائشہ نے عرض کیا کہ یا حبیب اللہ آپ کے دہن پاک سے مغافیر کی بو آرہی ہے۔ تو فرمایا کہ ہم نے مغافیر نہیں استعمال فرمایا۔ شہد پیا ہے۔ پھر حضور نے اپنے پر شہد حرام کر لیا۔ جس پر یہ آیت اتری لِمَ تُحَرِّمُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ معلوم ہوا کہ اپنے دہن پاک کی بو کا بھی علم نہ تھا کہ اس سے بو آرہی ہے یا نہیں۔

جواب:۔ اس کا جواب اسی آیت میں ہے۔ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ اے حبیب یہ حرام فرمانا آپ کی بے خبری سے نہیں بلکہ ان معترض ازواج کی رضا کے لیئے ہے بیڑا اپنے منہ کی بو غیب نہیں محسوس چیز ہے ہر صحیح الدماغ محسوس کر لیتا ہے کیا دیو بندی انبیاء کے حواس کو بھی ناقص ماننے لگے ان کے حواس کی قوت کو مولانا نے بیان فرمایا ؎

نطق آب و نطق خاک و نطق گل ❊ ہست محسوس از حواس اہل دل

فلسفی کو منکر حنانہ است ❊ از حواس اولیاء بیگانہ است!

اعتراض (۹) اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو علم غیب تھا تو خیبر میں زہر آلود گوشت کیوں کھا لیا۔ اگر جانتے ہوئے کھایا تو یہ خودکشی کی کوشش ہے۔ جس سے نبی معصوم ہیں۔

جواب:۔ اس وقت حضور علیہ السلام کو یہ بھی علم تھا کہ اس میں زہر ہے اور یہ بھی خبر تھی کہ زہر ہم پر بحکم الٰہی اثر نہ کرے گا۔ اور یہ بھی خبر تھی کہ رب تعالےٰ کی مرضی یہ ہی تھی کہ ہم اسے کھالیں تاکہ بوقت وفات اس کا اثر لوٹے اور ہم کو شہادت کی وفات عطا فرمائی جاوے راضی برضا تھے۔

اعتراض (۱۰) اگر حضور علیہ السلام کو علم غیب تھا تو بیر معونہ کے منافقین دھوکے سے آپ سے ستر (۷۰) صحابہ کرام کیوں لے گئے انہیں وہاں لے جا کر شہید کر دیا۔ اس آفت میں انہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کیوں پھنسایا۔

جواب:۔ جی ہاں حضور علیہ السلام کو یہ بھی خبر تھی کہ بیر معونہ والے منافقین ہیں اور یہ بھی خبر تھی کہ یہ لوگ ان ستر صحابہ کو شہید کر دیں گے۔ مگر ساتھ ہی یہ بھی خبر تھی کہ مرضی الٰہی یہ ہی ہے اور ان ستر کی شہادت

ارشاد : تو اس سے آپ کا مطلب یہ ہے کہ ان کا قول نہ مانا جائے۔ قرآنِ عظیم ایک حرف نہیں چل سکتا تاوقتیکہ احادیث اور آئمہ کے قول کو نہ مانا جائے۔

آئمہ سے مراد

عرض : آئمہ سے مراد آئمہ تفسیر ہیں؟

ارشاد : ہاں۔

آئمۂ تفسیر کون ہیں؟

عرض : بہت مقامات پر آئمہ تفسیر کا قول نہیں مانا جاتا ہے مثلاً قاضی بیضاوی نے یا اور آئمہ مثلاً خازن وغیرہ نے تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ کو مخصص بتایا ہے!

ارشاد : قاضی بیضاوی یا خازن وغیرہ آئمہ تفسیر نہیں۔ کسی فن کا امام ہونا اور بات ہے اور اس فن میں کتاب لکھ دینا اور بات۔ آئمہ تفسیر صحابہ ہیں اور تابعین عظام و تبع تابعین میں بھی اعاظم (یعنی زیادہ بلند مرتبہ حضرات) کی تخصیص ہے۔

(پھر اصل جواب کی طرف توجہ فرمائی اور فرمایا:) قرآنِ عظیم میں یہ فرمایا ہے کہ توریت میں ہم نے "تَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ" نازل کی تھی۔ یہ نہیں فرمایا کہ وہ تفصیل ہمیشہ باقی رکھی جائے گی تو اب اس کا "تَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ" ہونا تو قطعی مگر اس کا "تَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ" رہنا یہ ظنی اور خبرِ آحاد بھی مفیدِ ظن اور ظن ظن کا مقابل ہوسکتا ہے۔ جب خبرِ آحاد سے ثابت ہوگیا کہ توریت میں "تَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ" نہ رہی تو مان لیا گیا۔

عرض : حضور! اسی طرح قرآن کو فرمایا گیا ہے "تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ" (پ ۱۴، النحل ۸۹) یہ نہیں فرمایا گیا کہ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ باقی رہے گا تو علم مَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ[1] کس طرح ثابت ہوگا؟

ارشاد : بلاشبہ اگر اس کے خلاف کسی حدیث میں آیا ہوکہ "تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ" باقی نہ رہا تو مان لیا جائے گا لیکن خلاف آنا تو درکنار احادیثِ صحیحہ میں اس کی تائید ہی آئی ہے۔ الغرض مطلقاً علمِ غیب کا منکر کافر ہے کہ وہ سرے ہی سے ثبوت کا منکر

[1] : جو ہو چکا یا ہوگا اس کا علم۔



انت بمسمع من في القبور ۔ موتے کون ہیں اجسام قبور میں کون ہیں۔ وہی اجسام تو پھر اجسام ہی کے سننے سے انکار ہوا اور وہ یقیناً حق ہے (پھر فرمایا) خود ام المومنین کا طرز عمل سماع موتی کو ثابت کر رہا ہے۔ فرماتی ہیں کہ جب حضور اقدس ﷺ میرے حجرہ میں دفن ہوئے۔ میں بغیر چادر اوڑھے ہوئے بے حجابانہ حاضر ہوتی اور کہتی انما هو زوجی میرے شوہر ہی تو ہیں پھر میرے باپ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ دفن ہوئے جب بھی میں بغیر احتیاط کے چلی جاتی اور کہتی انما هو زوجی و ابی میرے شوہر اور باپ ہی تو ہیں پھر جب عمر دفن ہوئے (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) تو میں نہایت احتیاط کے ساتھ چادر سے لپٹی ہوئی حاضر ہوتی اس طرح کہ کوئی عضو کھلا نہ رہے۔ حیاء من عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عمر کی شرم سے۔ تو اگر ارواح کا سمع و بصر نہ مانتیں تو پھر حیا عمر کے کیا معنی۔

(پھر فرمایا) تین باتوں میں ام المومنین کا خلاف مشہور ہے اور ان تینوں میں غلط فہمی ایک یا تو یہی سماع موتے کہ وہ سماع عرفی کا جسموں کے واسطے انکار فرماتی ہیں اور اس کو غلط فہمی سے ارواح کے سماع حقیقی پر محمول کیا جاتا ہے۔

دوسرے معراج جسدی کے بارہ میں انکار مشہور ہے کہ ام المومنین فرماتی ہے ما فقدت جسد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جسد اقدس میرے پاس سے کہیں نہیں گیا۔ حالانکہ آپ معراج منامی کے بارہ میں فرما رہی ہیں جو مدینہ منورہ میں ہوئی اور وہ معراج تو مکہ معظمہ میں ہوئی اس وقت ام المومنین خدمت اقدس میں حاضر بھی نہ تھیں بلکہ نکاح سے بھی مشرف نہ ہوئی تھیں اسے اس پر محمول کرنا سراسر غلط فہمی ہے۔

تیسرے علم ما فی الغد کے بارہ میں ام المومنین کا قول ہے کہ جو یہ کہے کہ حضور کو علم ما فی الغد تھا وہ جھوٹا ہے۔ اس سے مطلق علم کا انکار نکالنا محض جہالت ہے علم جب کہ مطلق بولا جائے۔ خصوصاً جب کہ غیب کی طرف مضاف ہو تو اس سے مراد علم ذاتی ہوتا ہے۔

۱ سماع موتی میں حضرت عائشہ کس سماع کا انکار فرماتی ہیں۔

۲ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس معراج سے انکار فرماتی ہیں۔

۳ علم ما فی الغد کے بارے میں حضرت عائشہ کس علم کا انکار فرماتی ہیں۔



ILM E GAIB ALLAH KE LIYE KHAS HAI

AWR KUFFAR AAPNE MABOODA NE BATILE KE LIYE MAANTE THE

JIS TRAH AAJ KAL BARELVI MAANTE HAIN



حکم دیا کریوں کہے کہ جس نے اللہ و رسول کی نافرمانی کی جس میں اللہ عزوجل کا نام اقدس نام
پاک رسول سے تعظیماً مقدم ہے حالانکہ حدیث شریف میں ہے خود حضور اقدس
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خطبے میں یوں فرمایا کرتے مَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ
رَشَدَ وَمَنْ یَّعْصِہِمَا فَاِنَّہٗ لَا یَضُرُّ اِلَّا نَفْسَہٗ جس نے اللہ و رسول کی اطاعت
کی وہ راہ یاب ہوا اور جس نے اُن دونوں کی نافرمانی کی وہ اپنا ہی نقصان کرے گا۔
اَبُوْدَاؤدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ بِسَنَدٍ صَحِیْحٍ نیز ابن
شہاب زہری نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خطبہ جمعہ روایت کیا اس میں
بعینہٖ وہی الفاظ ہیں کہ وَمَنْ یَّعْصِہِمَا فَقَدْ غَوٰی جس نے ان دونوں کی نافرمانی
کی گمراہ ہوا رَوَاہُ اَیْضًا عَنْہُ مُرْسَلًا حدیث آئندہ سے بتوفیق اللہ تعالیٰ اس فقیر کی مدد
تائید و تقریر ہوتی ہے نا منتظر ثالثاً وجہ ممانعت علم غیب کی اسناد مطلق بے ذکر تعلیم الٰہی
عزوجل ہے شیخ محقق رحمہ اللہ تعالیٰ نے لمعات میں اس طرف ایما فرمایا اقول اور وہ
بیشک وجیہ ہے جس طرح بغیر اللہ عزوجل کی مشیت کو ملائے ہوئے یوں کہنا کہ میں یوں کردوں
گا مکروہ ہے قال اللہ تعالیٰ وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَایْءٍ اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِکَ غَدًا اِلَّا اَنْ یَّشَآءَ
اللّٰہُ ہرگز نہ کہنا کسی چیز کو کہ میں کل ایسا کرنے والا ہوں مگر یہ کہ خدا چاہے۔ علم غیب بالذات
اللہ عزوجل کے لئے خاص ہے کفار اپنے معبودانِ باطل وغیرہم کے لئے مانتے تھے
لہٰذا مخلوق کو عالم الغیب کہنا مکروہ اور یوں کوئی حرج نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بتائے
سے امور غیب پر انہیں اطلاع ہے یہ دوسرا احتمال ہے کہ علما نے اس حدیث میں ذکر
فرمایا اس تقدیر پر بھی ممانعت ادب کلام کی طرف ناظر ہے نہ یہ کہ انبیا علیہم الصلوٰۃ
والسلام کو بتعلیم الٰہی غیب پر اطلاع کا عقیدہ ممنوع ہو شرک تو در کنار جو اُس طائفہ کا
مقصود ہے۔ ھٰکَذَا یَنْبَغِی التَّحْقِیْقُ وَاللّٰہُ تَعَالٰی وَلِیُّ التَّوْفِیْقِ حدیث ۱۶۹:
محمد بن اسحٰق تابعی ثقہ امام السیر والمغازی نے ابو حمزہ یزید بن عبید سعدی سے روایت

MUHAMMAD BIN QASIM

LIKHNE WAALA AALA HAZRAT AHMAD RAZA BARELVI

GHAR KO AAG LAG GAYI GHAR KE CHIRAG SE

NABI SAW KO ILME GAIB NAHI THA

PEER MAHER ALI SHAH SAHAB KEHTE HAIN QAYAMAT KAB AAEGI IS BAARE ME NABI SAW NE LA ILMI BAYAN FARMAAYI

MUHAMMAD BIN QASIM

قَالَ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى۔ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ○

ترجمہ۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اور یقیناً انہوں نے مسیح علیہ السلام کو قتل نہیں کیا بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی طرف اٹھا لیا اور اللہ تعالیٰ غالب حکمت والا ہے

شمس الہدایہ

فی اثبات

حیات المسیح علیہ السلام

تصنیف لطیف

زبدۃ المحققین رئیس العارفین مولانا حضرت خواجہ سید پیر مہر علی شاہ صاحب گیلانی قدس سرہ

حسب ایماء

معدن صدق و صفا مخزن حلم و حیا سیدنا حضرت پیر غلام محی الدین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

و

حضرت سید پیر غلام معین الدین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

○

باہتمام

حضرت شاہ عبدالحق شاہ صاحب مدظلہ العالی

○

میں کہتا ہوں ناظرین کو ماقبل سے واضح ہو گیا کہ علامات بینہ فی الاحادیث ظہور میں نہیں آتے۔ اور مسیح بن مریم جو نبی وقت ہوا ہے اور جس کا وعدہ نزول کا احادیث میں مذکور ہے وہ کہاں آیا۔ بہ مثیل کا مراد لینا احادیث سے پہلے معلوم کر چکے ہیں کہ ہرگز نہیں ہو سکتا اور یہ جو لکھا ہے کہ قیامت سات ہزار سال سے پہلے نہیں آ سکتی۔ "میں کہتا ہوں کہ یہ سات ہزار سال کی تحدید جو آپ نے لگا دی یہ منافی ہے۔ لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ کے اور ان احادیث کے جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لا علمی بیان فرمائی اور اس حدیث معراج کے جس میں عیسیٰ علیہ السلام نے ذکر معاہدہ رب کا کیا۔ بخاری میں عمرؓ سے روایت ہے کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم میں کھڑے ہو کر ذکر ابتداء پیدائش سے لے کر انتہا تک فرمایا حتی کہ اہل جنت کو جنت میں اور اہل نار کو نار میں داخل کر دیا۔ بایں مکاشفہ آپ قیامت کے بارہ میں اس طرح مامور ہیں۔ قُلْ إِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ اور بجواب سوال جبرائیل یوں فرماتے ہیں۔ مَا الْمَسْئُولُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ۔ کسی جگہ آپ نے اس علم کا افادہ نہیں فرمایا کہ سات ہزار سال تک تو بے شک ہے بعد ازاں وقوع اس کا ہو گا مگر وقت معین معلوم نہیں۔ اردو خوانوں سادہ لوحوں کو کیا کیا دھوکے دیکر کیا مضامین الٹ پلٹ کیسے گھڑے سناتے ہیں۔ اللہ حافظ ہو۔ اور حدیث اَلدُّنْيَا سَبْعَةُ آلَافِ سَنَةٍ وَأَنَا فِي آخِرِهَا أَلْفًا بر تقدیر صحت کے مراد آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث سے یہ ہے کہ آدم علیہ السلام سے آج تک چھ ہزار سال پورے ہو چکے ہیں اور ساتواں ہزار شروع ہے کہ میں ساتویں ہزار میں ہوں۔ (مولانا رفیع الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ) اور استشہاد مرزا صاحب کا ساتھ حدیث اَوّل کَمَا قَالَ الْعَقْلُ الصَّانِعُ کے موقوف ہے اس امر کے اثبات پر کہ مابعد لفظ کما اور ماقبل اس کا مشارک فی جمیع الاوصاف والاحکام ہوتے ہیں۔ وہ دونوں مخطوط القتادہ یہ ہرگز نہیں ہو سکتا۔ دیکھو آیۃ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيدُهُ جو اسی حدیث میں مذکور ہے۔ اعادہ اور بدء الخلق مغائر فی الکیفیت ہیں بہ سبب اشتراک دونوں کے حیز قدرت میں کلمہ کما اطلاق کیا گیا۔ ایسا ہی حدیث شریف میں بیان اشتراک فی وصف الرؤیۃ منظور ہے نہ فی جمیع الخصوصیات۔ اور باقی استشہادات کے اجوبہ دوسری جگہ ملاحظہ کیے جائیں۔ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِنْ نَسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا۔ وَصَلّٰی وَسَلَّمَ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط

يقول مصححه الحافظ **الغازي** عفي عنه حمداً لمن انعم علينا باظهار الحق في معضل رفعه الله اليه على وجه ما جاء به احد ونجانا من شبهات مرزا صاحب قادياني على لسان العلامة الفاضل والولي الكامل معدن العلوم الظاهرية ومنبع الفيوض الباطنية حاج الحرمين الشريفين السيد الجيلاني سيدنا ومرشدنا السيد پیر **مهر علی شاه** ساكن گولڑه شريف افاض الله علينا من بركاته وصلوة وسلاما على من قال يد الله على الجماعة ومن شذ شذ في النار. اما بعد فقد تم بحمده تعالى طبع الكتاب المستطاب المسمى **بشمس الهداية** طبع اول في شهر رمضان المبارك سنة ١٣١٧ من الهجرة النبوية على صاحبها الوف من الصلوة والآلاف من التحية

SHEIKH ABDUL QADIR JILANI RH KA AQEEDA ILM E GAIB PAR

قرآن پاک میں جہاں کہیں بھی (وما ادراک) آیا ہے تو اس (میں بیان کردہ بات) کا علم آپ کو دے دیا گیا ہے اور جہاں کہیں (وما یدریک) آیا ہے تو اس (میں بیان کردہ بات) سے آپ کا آگاہ و مطلع نہیں کیا گیا جیسے قرآن میں ہے اور آپ کو کیا معلوم کہ قیامت قریب ہو تو قیامت کا وقوع کا علم آپ کو نہیں دیا گیا



www.KitaboSunnat.com

سردار حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی ہے[۱۰۱۷] اور مہینوں کا سردار رمضان المبارک ہے۔

شب قدر کی فضیلت: ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ [بلاشبہ ہم نے اس (قرآن) کو قدر والی رات میں نازل کیا ہے][۱۰۱۸] یعنی اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ سے دنیاوی آسمان پر لکھنے والے فرشتوں کی طرف اتنا قرآن مجید نازل فرمایا جتنا اگلی شب قدر تک اتارنا مقصود و مطلوب تھا' اس طرح تمام قرآن مجید رمضان میں دنیوی آسمان پر نازل کیا گیا۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ اور دوسرے مفسرین اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ ''ہم نے اس جبرئیلؑ کو سورۃ القدر اور بقیہ قرآن دے کر لکھنے والے فرشتوں کی طرف نازل کیا پھر وہاں سے نبی رحمتؐ پر تیئیس (۲۳) سالوں کے مہینوں اور شب و روز میں قسط وار حسب ضرورت اسے نازل کیا گیا۔ لیلۃ القدر سے مراد عظمت والی رات ہے یا قدر بمعنی تقدیر ہے یعنی یہ فیصلوں والی رات ہے اس لئے کہ اس رات سال بھر کے فیصلے لکھ دیئے جاتے ہیں' فرمایا: اے محمدؐ آپ کو شب قدر کا علم نہیں تھا یعنی اگر اللہ تعالیٰ اس رات کی عظمت و بزرگی سے باخبر نہ کرتے تو آپ کو اس کی عظمت کا علم نہیں ہو سکتا تھا۔[۱۰۱۹] قرآن مجید میں جہاں (وما ادراک) ''آپ کو علم نہیں تھا'' جملہ ذکر ہوا ہے اس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو ضرور باخبر کیا ہے اور جہاں وما یدریک (نفی مضارع) کا جملہ ذکر ہوا اس کے متعلق نبی کو خبر نہیں دی گئی جس طرح وما یدریک لعل الساعۃ تکون قریبا/ [آپ کو کیا خبر شاید قیامت قریب ہو][۱۰۲۰] اور قیامت کے متعلق آپ کو علم نہیں دیا گیا۔

لیلۃ القدر یعنی عظمت والی رات جس کی خیر و برکت کے متعلق ارشاد باری تعالیٰ ہے [ہم نے اس (قرآن) کو مبارک رات میں نازل کیا ہے اس میں ہر حکمت والے کام کا فیصلہ کر دیا جاتا ہے][۱۰۲۱] یعنی ایسی رات جس کی عبادت ان ہزار راتوں سے افضل ہے جن میں لیلۃ القدر نہیں۔ اس فضیلت کی وجہ سے صحابہ کرام کی خوشی کی کوئی حد نہ تھی جیسا کہ ایک روایت میں ہے کہ آنحضرتؐ نے ایک دن اپنے صحابہ کے حضور چار اسرائیلی عابدوں کا ذکر فرمایا کہ انہوں نے اسی سال تک اللہ تعالیٰ کی عبادت کی تھی اور لحہ بھر بھی غافل نہیں ہوئے اور وہ حضرت ایوبؑ' زکریاؑ' حزقیلؑ اور یوشع بن نونؑ تھے' ان کی عبادت کا ذکر سن کر صحابہ کرام متحیر ہو گئے' دریں اثنا حضرت جبرئیل وحی لے کر حاضر خدمت ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہؐ! آپ اور آپ کے

۱۰۱۷ گزشتہ صفحات میں سلیمانؑ کی انگوٹھی والے قصے کے بطلان کا اشارہ کیا جا چکا ہے۔

۱۰۱۸ القدر-۱

۱۰۱۹ موصوف کے بیان سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ نبی کریمؐ کے عالم الغیب ہونے کے مدعی نہیں تھے جب کہ ان کی محبت کا دم بھرنے والے بہت سے عقیدت منداس گمراہ عقیدے میں مبتلا ہیں کہ نبی کریمؐ غیب کا علم جانتے تھے جو کچھ کائنات میں ہو چکا اور جو کچھ آئندہ ہوتا رہے گا' سب سے باخبر تھے (العیاذ باللہ) قرآن مجید کی نصوص صراحتاً اس گمراہ عقیدے کی تردید کرتی ہیں۔ ارشاد باری ہے۔ [قُلْ لَا اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِیْ خَزَائِنُ اللّٰهِ وَلَا اَعْلَمُ الْغَيْبَ...... الآیۃ/ آپ کہہ دیجیے کہ نہ تو میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں غیب جانتا ہوں اور نہ میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔ الانعام-۵۰]

۱۰۲۰ الاحزاب-۶۳ ۱۰۲۱ الدخان-۳'۴

اطلاع کے ساتھ خاص کیا روح البیان جلد ثالث صفحہ ۱۰۶ میں ہے وفی الحدیث سألنی ربی ای لیلۃ المعراج فلم استطع ان اجیبہ فوضع یدہ بین کتفی بلا تکییف ولا تحدید ای ید قدرتہ لانہ سبحانہ منزہ عن الجارحۃ فوجدت بردھا فاورثنی علوم الاولین والاخرین وعلمنی علوما شتی فعلم اخذ عہدا علی کتمہ وھو علم لا یقدر علی حملہ غیری وعلم خیرنی فیہ وعلم امرنی فی تبلیغہ الی الخاص والعام من امتی وھی الانس والجن والملک وکما فی انسان العیون۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مدارج النبوۃ میں اسی حدیث کا مضمون یوں ادا فرماتے ہیں۔ پرسید از من پروردگار من چیزے پس نتوانستم کہ جواب گویم پس نہاد دست قدرت خود درمیان دو شانہ من بے تکییف و بے تحدید پس یافتم سردی آنرا در سینہ خود پس داد مرا علم اولین و آخرین و تعلیم کرد انواع علم را علمی بود کہ عہد گرفت از من کتمان آنرا کہ با ہیچکس نگویم و ہیچکس طاقت برداشت آن ندارد جز من وعلمی بود کہ مخیر گردانید مرا در اظہار و کتمان آن وعلمی بود کہ امر کرد مرا بہ تبلیغ آن بخاص و عام از امت من۔ آن دونوں عبارتوں کا حاصل یہ ہے کہ سرور اکرم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ شب معراج میں مجھ سے کچھ پروردگار تبارک وتعالی نے کچھ دریافت فرمایا میں جواب نہ دے سکا تو اس نے اپنا دست قدرت میرے دونوں شانوں کے درمیان بے تکییف و تحدید رکھا کیونکہ حق سبحانہ تعالے جوارح سے منزہ اور پاک ہے بے تحدید و تکییف کیسی۔ پھر حضرت صلی اللہ تعالے علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں نے اس کی سردی اپنے سینہ میں پائی۔ پس مجھے اولین و آخرین کے علوم عطا فرمائے اور چند علم اور تعلیم فرمائے جن میں سے ایک علم وہ ہے جسکے چھپانے پر مجھ سے عہد لیا کہ میرے سوا کسی میں اسکے برداشت کرنیکی طاقت نہیں ہے اور ایک علم وہ جسکا مجھے اختیار دیا۔ اور ایک وہ علم جس کی تبلیغ کا حکم فرمایا کہ میں اپنی امت کے ہر خاص و عام کو پہنچا دوں۔ اور حضرت کی امت انسان اور فرشتے ہیں ایسا ہی انسان العیون میں ہے تفسیر لباب التاویل فی معالم التنزیل مطبوعہ مصر جلد رابع صفحہ ۲۶۴ میں ہے وقولہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فوضع یدہ بین کتفی حتی وجدت بردھا بین ثدیی فتاویلہ ان المراد بالید المنۃ والرحمۃ وذلک شائع فی لغۃ العرب فیکون معناہ علی ظاھر الاخبار باکرام اللہ تعالی ایاہ وانعامہ علیہ بان شرح صدرہ ونور



ہے اور اس کا منکر کافر ہے' اور میرے خیال میں مدیر تجلی بھی اس سے متفق ہوں گے۔

علمِ مَا کَانَ وَمَا یَکُونُ

ہم پہلے لکھ چکے ہیں کہ اتنا ضروریاتِ دین سے ہے کہ اللہ عزوجل نے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو بعض علومِ غیبیہ پر مطلع فرمایا لیکن یہ بعض غیب جس پر حضورِ اقدس کو مطلع کیا آیا روزِ اوّل[1] سے یومِ آخر تک تمام کائنات کو شامل ہے جیساکہ عمومِ آیات و احادیث کا مفاد ہے یا اس میں کچھ تخصیص ہے تو بہت سے اہلِ ظاہر جانب خصوص گئے۔ کسی نے علومِ خمس کو، کسی نے علمِ روح کو، کسی نے علمِ قیامت کو، کسی نے متشابہات کو خاص کیا لیکن اس کے ساتھ ساتھ بہت سے علماء و محدثین و مفسرین و ائمۂ دین و بکثرت علماءِ ظاہر نے اس میں کوئی تخصیص نہیں کی اور آیات و احادیث کو ان کے عموم پر اسی طرح رکھا جس طرح ہم رکھتے ہیں اور حضور کے لیے علم ما کان وما یکون کا اسی تفصیل سے اثبات کیا جیسے ہم کرتے ہیں۔ جس سے یہ واضح ہو گیا کہ جس تفصیل سے ہم حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے علمِ غیب ثابت کرتے ہیں' یہ ہمارا قولِ مختار ہے اور نہ ضروریاتِ دین سے ہے اور نہ ضروریاتِ مذہب سے' بلکہ بابِ فضائل سے ہے۔ اور جو لوگ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بغض و عناد کی بنا پر اس تفصیل سے حضور کے لیے علم ما کان وما یکون کا اثبات نہیں کرتے' ہم ان کو کافر و گمراہ تو در کنار فاسق بھی نہیں کہتے۔ چنانچہ اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مولانا شاہ احمد رضا خاں صاحب قدس سرہ العزیز نے خالص الاعتقاد صہ[3] پر الدولۃ المکیہ میں اس کی صاف و صریح لفظوں میں تصریح فرمائی ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ :-

---

[1] روزِ اوّل تا یومِ آخر کا مطلب یہ ہے کہ ابتدائے دنیا سے لے کر دخولِ جنت و نار تک کا علم جس کو مَا کَانَ وَمَا یَکُونُ سے تعبیر کیا جاتا ہے اور جس کی تشریح ان لفظوں میں ہم کرتے ہیں کہ :-

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ عزوجل نے ابتدائے آفرینش سے لے کر قیامت تک جو کچھ ہو چکا ہے، جو ہو رہا ہے، جو ہوگا سب کا تفصیلی علم عطا فرمایا۔"

قیامت کی ابتدا نفخۂ اولیٰ سے ہوگی اور دخولِ جنت و نار پر ختم ہوگی۔ تو جب تک جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں چلے جائیں گے اس وقت تک کے تمام علوم ہمارے دعویٰ میں داخل ہیں اور قیامت کے بعد کے معلومات ہمارے دعویٰ

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوقِنُونَ

بصیرت

حصّہ اوّل

علامہ سید محمود احمد رضوی مدیر رضوان کے تحریر کردہ تفسیری، فقہی، مذہبی، اخلاقی، اصلاحی مضامین کا ایمان افروز باطل سوز مجموعہ

مکتبۂ رضوان، گنج بخش روڈ لاہور

فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّ اَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾ قُلْ اِنْ اَدْرِیْۤ

تو اب جان جائیں گے کہ کس کا مددگار کمزور اور کس کی گنتی کم ہے تم فرماؤ میں نہیں جانتا

اَقَرِيْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْۤ اَمَدًا ﴿۲۵﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا

آیا نزدیک ہے وہ جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے یا میرا رب اسے کچھ وقفہ دے گا ف۴۷ غیب کا جاننے والا تو

يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ

اپنے غیب پر ف۴۸ کسی کو مسلط نہیں کرتا ف۴۹ سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے ف۵۰ کہ ان کے

مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا

آگے پیچھے پہرا مقرر کر دیتا ہے ف۵۱ تاکہ دیکھ لے کہ انہوں نے اپنے رب کے

رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾ ع

پیام پہنچا دیئے اور جو کچھ ان کے پاس سب اس کے علم میں ہے اور اس نے ہر چیز کی گنتی شمار کر رکھی ہے ف۵۲

آیاتها ۲۰ ۷۳ سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ ۳ رکوعاتها ۲

سورۂ مزمل مکیہ ہے، اس میں بیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ف۱

يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿۱﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ

اے جھرمٹ مارنے والے ف۲ رات میں قیام فرما ف۳ سوا کچھ رات کے ف۴ آدھی رات یا اس سے کچھ

ف۴۶ کافر کی یا مومن کی یعنی اس روز کافر کا کوئی مددگار نہ ہوگا اور مومن کی مدد اللہ تعالٰی اور اس کے انبیاء اور ملائکہ سب فرمائیں گے۔ **شانِ نزول:** نضر بن حارث نے کہا تھا کہ یہ وعدہ کب پورا ہوگا اس کے جواب میں اگلی آیت نازل ہوئی ف۴۷ یعنی وقت عذاب کا علم غیب ہے جسے اللہ تعالٰی ہی جانے ف۴۸ یعنی اپنے غیب خاص پر جس کے ساتھ وہ منفرد ہے۔ (خازن وبیضاوی وغیرہ) ف۴۹ یعنی اطلاع کامل نہیں دیتا جس سے حقائق کا کشف تام اعلیٰ درجۂ یقین کے ساتھ حاصل ہو ف۵۰ تو انہیں غیوب پر مسلط کرتا ہے اور اطلاع کامل اور کشف تام عطا فرماتا ہے اور یہ علم غیب ان کے لیے معجزہ ہوتا ہے اولیاء کو بھی اگرچہ غیوب پر اطلاع دی جاتی ہے مگر انبیاء کا علم باعتبار کشف و انجلاء اولیاء کے علم سے بہت بلند و بالا و ارفع و اعلیٰ ہے اور اولیاء کے علوم انبیاء ہی کے وساطت اور انہی کے فیض سے ہوتے ہیں۔ معتزلہ ایک گمراہ فرقہ ہے وہ اولیاء کے لیے علم غیب کا قائل نہیں اس کا خیال باطل اور احادیث کثیرہ کے خلاف ہے اور اس آیت سے ان کا تمسک (دلیل پکڑنا) صحیح نہیں بیان مذکورہ بالا میں اس کا اشارہ کر دیا گیا ہے سید الرسل خاتم الانبیاء محمد مصطفٰے صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم مرتضیٰ رسولوں میں سب سے اعلیٰ ہیں اللہ تعالٰی نے آپ کو تمام اشیاء کے علوم عطا فرمائے جیسا کہ صحاح کی معتبر احادیث سے ثابت ہے اور یہ آیت حضور کے اور تمام مرتضیٰ رسولوں کے لیے غیب کا علم ثابت کرتی ہے۔ ف۵۱ فرشتوں کو جو ان کی حفاظت کرتے ہیں ف۵۲ اس سے ثابت ہوا کہ جمیع اشیاء محدود و محصور و متناہی ہیں۔ ف۱ سورۂ مزمل مکیہ ہے اس میں دو ۲ رکوع، بیس ۲۰ آیتیں، دو سو پچاسی ۲۸۵ کلمے، آٹھ سو اڑتیس ۸۳۸ حرف ہیں۔ ف۲ یعنی اپنے کپڑوں سے لپٹنے والے، اس کے **شانِ نزول** میں کئی قول ہیں: بعض مفسرین نے

''والحق ماقیل فی حقه من قبل العلماء الاعلام''

فقیر محمد قمر الدین سیالوی سجادہ نشین آستانہ عالیہ سیال شریف

سرفراز صاحب کو چاہیے کہ حضرت خواجہ قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ کا مندرجہ بالا فتوی پڑھیں اور اپنے منصف مزاج عالم کہنے کی لاج رکھتے ہوئے اس فتوی پر عمل کریں نیز یہ الفاظ سرفراز صاحب کے لئے قابل غور ہیں کہ خواجہ صاحب نے فرمایا کہ جو کچھ علمائے اعلام نے اس کے بارے میں فرمایا ہے وہ حق ہے۔ علمائے اعلام نے کیا فرمایا ہے کہ مولوی قاسم نانوتوی کافر ہے جو ان کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے دیکھیے **حسام الحرمین**

دیوبندی ڈھول کا پول کھل گیا

نیز اس مندرجہ بالا مفصل فتوی کی رو سے ''ڈھول کی آواز'' (کتاب کا نام) کے مصنف کی دیانت وامانت بھی کھل کر سامنے آ گئی۔ کہ اس نے کیا منسوب کیا اور حقیقی صورت حال کیا تھی اس سے اس کے باقی نقل کردہ اقوال کا حال بھی معلوم ہو جائے گا کہ اس نے ان کے نقل کرنے میں کتنی دیانت سے کام لیا ہوگا۔ قیاس کن زگلستان من بہار مرا۔

اب ہم سرفراز صاحب کی ضیافت طبع کے لئے حضرت خواجہ قمر الدین رحمۃ اللہ تعالی علیہ کا ایک اور فتوی پیش کرتے ہیں آپ نے ارشاد فرمایا کہ بے شک سرکش جماعت اور لغو گو گروہ وہابیہ جو اللہ تعالی کے لئے کذب کا عقیدہ رکھتے ہیں۔ تحقیق یہ لوگ کافر ہو گئے۔ کیونکہ انہوں نے اللہ تعالی کی طرف امکان کذب منسوب کیا ہے اسی طرح یہ لوگ حضور علیہ السلام کے اوصاف کاملہ کے انکار کی وجہ سے کافر ہو گئے جن صفات کاملہ کا ان لوگوں نے انکار کیا ان میں علم غیب اور حاضر ناظر اور معراج کی رات حضور علیہ السلام کا اللہ تعالی کی زیارت کرنا اور حضور علیہ السلام کی اعانت کا انکار کرنا اور آپ ﷺ سے استمداد کا منکر ہو جانا یہ ان کے کفر کی وجوہات ہیں۔ پس

کہ بریلویوں نے حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی صاحب ؒ پر الزام لگایا کہ معاذ اللہ وہ گستاخ ہے مگر اس پر بات کرنے سے پہلے ہی اللہ نے ایک دوسرے کے ہاتھوں ان کو ذلیل ورسوا کیا اور ایک دوسرے پر کفر وارتداد کے فتووں کی بوچھاڑ شروع کردی۔

سیفیوں کی طرف سے سرکانی اینڈ کمپنی کو چیلنج اور سرکانی کی کفریات

بریلویوں کی طرف سے یہ فتوی آنے کے بعد مولوی ایاز باجا سیفی کے ایک معتقد نے سوشل میڈیا پر بیان ڈالا کہ آخر سرکانی کے شاگردوں نے ہمیں کس بنیاد پر مرتد کہا؟ ہم نے ضروریات دین میں سے کس چیز کا انکار کیا ہے؟ نظام الدین سرکانی تو خود خلیفہ امان گل سیفی کا بیٹا ہے اب یا تو یہ "مرتد" کا بیٹا ہے یا "یہ بدفعلی" سے پیدا ہوا ہے اسی لئے اپنے باپ کی طرف مرتد کی نسبت کررہا ہے۔ نیز نظام الدین سرکانی ایسا جاہل آدمی ہے کہ اس کے بیان کی ریکارڈنگ ہمارے پاس موجود ہے جس میں یہ کہتا ہے کہ:

"اللہ نے بعض انبیاء کو بھیجا جو طریقت نہیں جانتے تھے اور بعض ایسے انبیاء کو بھیجا جو شریعت نہیں جانتے تھے"

معاذ اللہ نبی تو آتا ہی شریعت سکھانے کیلئے جب اسے خود شریعت نہ آتی ہو تو امت کو کیا سکھائے گا؟ اور طریقت باطن کی پاکیزگی کا نام ہے اگر بغیر طریقت انبیاء آئے تھے تو اس کا مطلب ہے کہ ان کا باطن معاذ اللہ صاف نہ تھا؟ اس بیان کی تردید لفظا تا حال نظام الدین سرکانی اینڈ کمپنی نے نہیں کی۔

مولوی نظام الدین سرکانی بریلوی پر فالج کا حملہ

مناظرے میں اپنے شاگردوں اور مسلک کی اس رسوائی کو نظام الدین سرکانی صاحب برداشت نہ کرسکے اور سوشل میڈیا کی خبروں کے مطابق جس کی اب تک کوئی تردید نہیں آئی ان پر فالج کا حملہ ہوگیا۔ سیفیوں کے بقول چونکہ یہ ہمارے پیر کو کافر و مرتد سمجھتا ہے اس لئے ولی اللہ کی توہین کی وجہ سے اس پر یہ عذاب آیا لیکن میں کہتا ہوں کہ کافر تو وہ پہلے ہی سمجھتا تھا یہ عذاب پہلے کیوں نہ آیا؟ مناظرے کے دو دن بعد ہی اس پر فالج کا اٹیک اس مناظرے

رضاخانی دجل و فریب کا بھانڈا پھوٹ گیا

ایک طرف رضاخانی مولوی اور عوام یہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو عالم الغیب نہیں مانتے وہیں دوسری طرح رضا خانیوں کے معتبر مولوی فیض احمد اویسی اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو عالم الغیب نہ ماننے والوں پر نحوست کے فتوے لگا رہے ہیں



۱۷

کس طرح شہادت دے رہا ہے۔ اور در اصل یہ تصدیق بارگاہ حق سے ہوئی کہ اسی نے اُسے ایسی مقدس تقریر کی توفیق بخشی۔ اور اسکی پُر تاثیر تقریر سے یہودی کو اسلام لانا نصیب ہوا۔ اور نہ صرف اسلام ہی لایا بلکہ حضور اکرم علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہو کر زمرۂ صحابہ میں شمار ہوا۔ یہ ہے حضور علیہ السلام کے علم غیب کے عقیدت کی برکت۔ مضمون طویل ہو جانے کا خیال نہ ہوتا تو اس کے برعکس یعنی حضور انور کو عالم الغیب نہ سمجھنے والوں پر نحوست کے نمونے بھی پیش کرتا۔ انشاء اللہ العزیز کسی اگلی فرصت میں بیان ہوگا۔ مگر افسوس ہے کہ آجکل کے بعض مسلمان کہلانے والوں پر کہ نبی اکرم کے علم غیب کے منکر ہو کر حضور علیہ السلام سے گویا اپنی دشمنی کا ثبوت دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں ہدایت دے۔

(۱۸) عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان یہودیۃ من اھل خیبر سمت شاۃ مصلیۃ ثم اھدتھا لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاخذ رسول ... منھا واکل رھط من اصحابہ معہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارفعوا ایدیکم وارسل الی

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک یہودی عورت نے اہل خیبر میں سے بھنی ہوئی بکری میں زہر ملایا پھر اُسے حضور علیہ السلام کے رُوبرو تحفہ لائی۔ آپ نے اسے لیکر کچھ فرمایا۔ اور صحابہ کرام نے بھی آپ کے ساتھ کھایا۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ اپنے ہاتھ اٹھا لو۔ اور ایک آدمی کو

۷۸۶

الحمد للہ والمنتہ کہ رسالہ فیض مقالہ

علم غیب کا ثبوت

تصنیف لطیف

از

حضرت مولانا الحافظ ابو الصالح محمد فیض احمد اویسی رضوی مدظلہ

ناشر

مکتبہ اویسیہ رضویہ بہاولپور

بار ششم ... یکصد ہزار ... قیمت ...

Mohammad Sajid Siddiqui

دیوبندی مذہب

مصنّفہ

مناظرِ اسلام حضرت مولانا غلام مہر علی صاحب

خطیبِ اعظم چشتیاں شریف

ناشر

مکتبہ حامدیہ گنج بخش روڈ لاہور

marfat.com

(۱) حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی بہت بڑے شیخ ہیں۔ ظاہر کے بھی اور باطن کے بھی۔

(افاضات الیومیہ ج ۴ ص ۶۳۶، سطر ۲)

(۲) بعض اولیاء اللہ ایسے بھی گزرے ہیں کہ خواب میں یا حالت غیبت میں روزمرہ ان کو دربارِ نبوی میں حاضری کی دولت نصیب ہوتی تھی۔ ایسے حضرات صاحب حضوری کہلاتے ہیں۔ انہیں میں سے ایک حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی ہیں۔ کہ یہ بھی اس دولت سے مشرف تھے اور صاحب حضوری تھے۔

(افاضات الیومیہ ج ۷، ص ۰، سطر ۱)

شیخ صاحب کے ارشاد سے صاف واضح ہوگیا کہ عقیدہ حاضر ناظر تمام امت محمدیہ کا متفقہ اور اجماعی مسئلہ ہے اور اس پر ایمان لانا دین کی ضروریات سے ہے اور جس طرح عقیدہ ختم نبوت اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کا منکر جماعت اہل اسلام سے خارج ہے۔ اسی طرح عقیدہ حاضر ناظر کا منکر اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مطلق خداداد علم غیب کا منکر بھی اسلام سے خارج ہے اور جس طرح نام نہاد مسلمان مرزائیوں کے عقیدہ ختم النبوت میں اختلاف کرنے سے عقیدہ ختم نبوت مختلف فیہ نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح بعض نام نہاد مسلمان دیوبندیوں نجدیوں کے اس عقیدہ میں اختلاف سے اسے ہرگز مختلف فیہ نہیں کہا جا سکتا ہے۔

اور پھر لطف یہ ہے کہ دیوبندی ذریت صرف اپنے قلبی عناد اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دشمنی کی وجہ سے ہی آپ کے حاضر ناظر ہونے کے منکر ہیں۔ ورنہ خود دیوبندی اپنے مولویوں کو ہر جگہ حاضر ناظر سمجھتے ہیں۔ چنانچہ ذریت دیوبندیہ کا نج رشید احمد گنگوہی اپنے مریدین کو ہدایت کرتا ہوا اپنے اور اپنے سب دیوبندی پیشواؤں کو ہر جگہ حاضر ناظر ہونے کا فیصلہ کرتے ہوئے لکھتا ہے:۔

و ہم مرید بہ یقین داند کہ روح شیخ مقید بیک مکان نیست پس ہر جا کہ مرید باشد قریب یا بعید اگرچہ از شخص شیخ دور است اما از روحانیت او دور نیست چوں ایں امر محکم داند، ہر وقت شیخ را بیاد دارد و ربط قلب پیدا آید و ہر دم مستفید بود و چوں ہر دم در حلِ واقعہ محتاج بشیخ بود، شیخ را بہ قلب حاضر آوردہ بلسانِ حال سوال کند الخ۔	مرید کو یقین کر لینا چاہیے کہ شیخ کی روح ایک ہی جگہ بند نہیں ہوتی تو مرید جس جگہ بھی ہو، اگرچہ شیخ کے جسم سے دور ہے، مگر اس کی روح سے ہرگز دور نہیں ہے۔ پس ہر واقعہ کے حل میں شیخ سے امداد مانگے کیونکہ وہ ہر معاملہ میں شیخ کا محتاج ہے۔ (امداد السلوک)

ناظرین انصاف تو فرماویں کہ مسلمان اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر ناظر سمجھیں تو مشرک، اور دیوبندی اگر اپنے

marfat.com

علی المغیبات کی امتیازی شرط کیساتھ اختلاف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

"اِنَّ الْاِطْلَاعُ عَلَی جَمِیْعِ الْمُغَیَّبَاتِ لَا یَجِبُ لِلنَّبِیِّ اِتِّفَاقًا وَالْبَعْضِ لَا یَخْتَصُّ بِہٖ"

اس کا مفہوم یہ ہے کہ مغیبات پر اطلاع نبوت کے لئے امتیازی شرط ہونا اس لئے غلط ہے کہ نبی کیلئے جمیع مغیبات پر مطلع ہونے کا عدم وجوب ہمارے اور تمہارے مابین متفقہ مسئلہ ہے اور بعض پر اطلاع نبی کے ساتھ خاص نہیں ہے تو پھر اطلاع علی المغیبات کا نبوت کے لئے امتیازی شرط ہونے کا مطلب ہی کیا رہا۔

(المواقف' صفحہ ۳۳۷' مطبوعہ دار الباز مکہ مکرمہ)

مواقف کی اس عبارت کو نظر انصاف سے دیکھنے والا کوئی شخص بھی اس کا پس منظر علم غیب کے مفہوم لغوی اور مفہوم شرعی کا امتیاز قرار دیئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ علم غیب بمعنی جمیع مغیبات کو جاننا نبی کیلئے واجب نہ ہونے کا فلسفہ اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کیلئے واجب اور اس کی صفت مختصہ ہے، جمیع مغیبات کو عدم تناہی اور ازلیت وابدیت اور احاطہ لازم ہونے کی بناء پر نبی کیلئے ممکن ہی نہیں ہے چہ جائیکہ واجب ہو یہی چیز علم غیب کا شرعی مفہوم ہے۔

جس کو امام المتکلمین عضد الملت والدین نے نبی کیلئے غیر ضروری قرار دیا جبکہ اس کے مقابلہ میں بعض مغیبات پر مطلع ہونے کو نبی کے ماسوا اور خلائق کیلئے بھی ممکن تسلیم کر رہے ہیں تو وہ علم غیب کے لغوی مفہوم کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے۔ اس کی شرح میں میر السید السند نے بھی ان دونوں حصوں کی ایسی تشریح کی ہے جس سے بعض مغیبات پر مطلع ہونے کا تعلق




البرهان
B236005
جانِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات
از
فقیہ عصر حضرت علامہ الحاج مفتی محمد امین صاحب دامت برکاتہم العالیہ
ناشر
مکتبہ سلطانیہ
محمد پورہ مین بازار فیصل آباد فون:041-2632866

نے تو نورِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو نامِ محمدؐ پہلے ہی عطا فرما دیا تھا
اسی وجہ سے سیّدی و سندی محدّثِ اعظم پاکستان مولانا ابو الفضل
محمدّ سردار احمد رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے جو لوگ حبیبِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم
کی ذاتِ والا صفات کے متعلّق کہتے ہیں کہ نبی علیہ السلام کو غیب کی
کیا خبر نبی کو فلاں چیز کا علم نہیں تھا، فلاں چیز کا اختیار نہیں تھا
وُہ کلمہ یوں نہ پڑھا کریں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ،
بلکہ وہ یوں پڑھا کریں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ بشر رسول اللہ یا پھر
عیب جوئی چھوڑ دیں۔

دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ بے عیب ذات میں عیب تلاش
کرنے والوں کو نظرِ بصیرت عطا کرے کہ وُہ بھی اس ذاتِ والا
صفات کی شانِ محبوبی کو دیکھ لیں جس ذات کو اللہ تعالےٰ جل جلالہ
محمدّ بنا کر بھیجا ہے۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی نبیِ مکرّم صلی اللہ علیہ وسلم کو بے عیب مانتے
تھے چنانچہ سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ عرض کرتے ہیں : ؎

خُلِقْتَ مُبَرَّاً مِّنْ کُلِّ عَیْبٍ
کَاَنَّکَ قَدْ خُلِقْتَ کَمَا تَشَاءُ

یعنی یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ ہر عیب سے پاک پیدا کیے گئے ہیں گویا
جیسے کہ آپ چاہتے تھے خالقِ کائنات نے آپ کو ویسا ہی پیدا کیا ہے۔

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ

اور ہم نے آپ پر اس کتاب کو نازل کیا جو ہر چیز کا روشن بیان ہے

تِبیانُ القرآن

جِلد سوم

المائدہ ○ الانعام

علامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دار العلوم نعیمیہ کراچی۔ ۳۸

ناشر

فرید بک سٹال، ۳۸۔ اردو بازار، لاہور۔ ۲

WWW.NAFSEISLAM.COM

شیخ شبیر احمد عثمانی متوفی ۱۳۶۹ھ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

یعنی کوئی شخص جو مدعی نبوت ہو اس کا یہ دعویٰ نہیں ہوتا کہ تمام مقدورات الٰہیہ کے خزانے اس کے قبضہ میں ہیں کہ جب اس سے کسی امر کی فرمائش کی جائے، وہ ضرور ہی کر دکھلائے یا تمام معلومات غیبیہ و شہادیہ پر خواہ ان کا تعلق فرائض رسالت سے ہو یا نہ ہو، اس کو مطلع کر دیا گیا ہے کہ جو کچھ تم پوچھو وہ فوراً بتلا دیا کرے۔

(تفسیر عثمانی بر ترجمہ شیخ محمود الحسن، ص ۱۷۷)

مفتی محمد شفیع دیوبندی متوفی ۱۳۹۶ھ اس آیت کے تحت خلاصہ تفسیر میں لکھتے ہیں:

اور نہ میں تمام غیب کی چیزوں کو جانتا ہوں (جو اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہے)

(معارف القرآن، ج ۳، ص ۳۲۴، مطبوعہ ادارۃ المعارف، کراچی ۱۴)

نبی ﷺ کے لیے علم غیب کا ثبوت

مفسرین کرام نے اس آیت میں علم غیب کی نفی کو مطلقاً علم غیب کی نفی پر محمول نہیں کیا، بلکہ اس علم غیب کی نفی پر محمول کیا ہے جو اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ قرآن مجید کی دیگر آیات سے واضح ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سیدنا محمد ﷺ کو خصوصاً اور دیگر انبیاء علیہم السلام کو عموماً علم غیب عطا فرمایا ہے۔ ان میں سے بعض آیات حسب ذیل ہیں:

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ (آل عمران: ۴۴)

یہ غیب کی بعض خبریں ہیں جس غیب کی ہم آپ کی طرف وحی فرماتے ہیں۔

انبیاء علیہم السلام کے علم کا ایک ذریعہ وحی ہے، سو جب نبی ﷺ کی طرف غیب کی وحی کی گئی تو آپ کو غیب کا علم ہو گیا۔ چونکہ شرح عقائد میں لکھا ہوا ہے کہ علم کے تین اسباب ہیں۔ حواس سلیمہ، خبر صادق اور عقل (شرح عقائد، ص ۱۰) اور جب نبی ﷺ کو غیب کی خبریں دی گئیں تو آپ کو غیب کا علم حاصل ہو گیا۔ قرآن مجید میں ہے:

تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ (ھود: ۴۹)

یہ غیب کی بعض خبریں ہیں جن خبروں کی ہم آپ کی طرف وحی فرماتے ہیں۔

عمومی طور پر انبیاء علیہم السلام کو غیب پر مطلع کرنے کا ذکر ان آیات میں ہے:

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ (آل عمران: ۱۷۹)

اللہ کی یہ شان نہیں کہ وہ تمہیں غیب پر مطلع کرے ہاں (غیب پر مطلع کرنے کے لیے) وہ چن لیتا ہے جسے چاہے اور وہ اللہ کے رسول ہیں۔

عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ۝ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ (الجن: ۲۶-۲۷)

(اللہ) غیب کا جاننے والا ہے، وہ اپنے غیب کا کسی پر اظہار نہیں فرماتا، سوا ان کے جن کو اس نے پسند فرمایا، جو اس کے رسول ہیں۔

بعض علماء کی یہ تحقیق ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کی طرف صراحتاً علم غیب کی نسبت نہیں کی، بلکہ اظہار غیب اور اطلاع علی الغیب کی نسبت کی ہے۔ اس لیے یوں کہنا چاہیے کہ انبیاء علیہم السلام پر غیب ظاہر کیا گیا، یا ان کو غیب پر مطلع کیا گیا اور چونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے غیر سے علم غیب کی بلا استثناء نفی فرمائی ہے، اس لیے یوں نہیں کہنا چاہیے کہ نبی ﷺ کو علم غیب ہے، بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ نبی ﷺ کو علم غیب دیا گیا، یعنی عبارت میں کوئی ایسا قرینہ ہو جس سے معلوم ہو کہ اس علم سے

"عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلَىٰ غَيْبِهِ أَحَدًا ﴿۲۶﴾ إِلَّا مَنِ ارْتَضَىٰ مِن
رَّسُولٍ فَإِنَّهُ يَسْلُكُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ رَصَدًا ﴿۲۷﴾ لِّيَعْلَمَ أَن قَدْ
أَبْلَغُوا رِسَالَاتِ رَبِّهِمْ وَأَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَأَحْصَىٰ كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا"

(سورۃ الجن آیت نمبر 26'27,28)

کون سا اہل علم ہو سکتا ہے جو اس آیت کریمہ کے مطابق مقام مدح میں اللہ تعالیٰ کی مراد اس عالم الغیب سے شرعی مفہوم کے سوا کچھ اور کہہ سکے یا علم غیب کے لغوی مفہوم کی طرف اس کا ذہن جا سکے۔ یہی حال حدیث کے حوالہ سے بھی ہے کہ جہاں جہاں ذوات قدسیہ انبیاء و مرسلین اور ان کے متبعین کیلئے علم غیب کا ثبوت آیا ہے وہ علم غیب کے لغوی مفہوم پر محمول ہیں اور جہاں پر غیر اللہ سے علم غیب کی نفی مذکور ہوئی ہے وہیں پر علم غیب کے منقول شرعی والا مفہوم معتبر ہے۔ سلف صالحین کے طبقہ مفسرین سے لیکر طبقہ محدثین تک اور طبقہ فقہاء سے لیکر طبقہ عرفاء تک، جس نے بھی اس حوالہ سے کوئی کلام کیا ہے ان سب کا یہی حال ہے کہ جس نے غیر اللہ کیلئے ثابت کیا ہے اس کے لغوی مفہوم کو پیش نظر رکھ کر ایسا کیا ہے اور جنہوں نے اسے ممنوع و ناجائز ہونے کا قول کیا ہے ان کے پیش نظر اس کے شرعی مفہوم کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆☆



تک کہ انہیں اور ان کی ماں صدیقہ بتول طاہرہ کو فحش گالیاں تک دیتا ہے چار سو انبیا کو صاف جھوٹا لکھا حتی کہ درباره حدیبیہ خود شان اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ناپاک حملہ کیا۔ مگر یحییٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعریف ہی کی (یہ فرما کر ارشاد فرمایا کہ) اس پر بھی بعض احمق سختی کا الزام دیتے ہیں اور اللہ و رسول کو گالیاں دینا تو کوئی بات ہی نہ ہو، نہ وہ سختی ہے نہ بے تہذیبی نہ کوئی بری بات۔ ادھر سے ان کی اس ناپاک حرکت پر کافر کہا اور بس سختی و بے تہذیبی سب کچھ ہوگئی۔ ہاں ہاں اللہ و رسول کی شان میں جو گستاخی کرے گا اسے ضرور کافر کہا جائے گا کسے باشد اور واللہ کہ یہ میں اپنی طرف سے نہیں کہتا بلکہ اللہ و رسول جل وعلا و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے احکام بیان کرتا ہوں میں تو ان کا چپراسی ہوں چپراسی کا کام ہی سرکاری حکمنامہ پہنچانا ہے نہ کہ اپنی طرف سے کوئی حکم لگانا اللہ کے کرم سے امید کہ وہ قبول فرمائے، آمین۔

عرض:۔ حضور علم ماکان و ما یکون حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاصل ہے، مگر بعض لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا یَنْۢبَغِیْ لَهٗ فرمایا گیا تو شعر کا علم نہ ہوا۔

ارشاد:۔ جب علم کسی فن کی طرف نسبت کیا جائے تو اس کے معنی دانستن نہیں ہوتے بلکہ ملکہ و اقتدار جیسے کہا جاتا ہے کہ فلاں گھوڑے پر چڑھنا جانتا ہے اس کے یہ معنی نہیں کہ اس کا جو مفہوم ہے وہ اس کے ذہن میں ہے بلکہ یہ کہ قدرت رکھتا ہے یا یہ کہ گھوڑے پر چڑھنا نہیں جانتا تو یہ مطلب نہیں کہ جو اس کا مفہوم ہے وہ اس کے ذہن میں نہیں کہ غیر کو گھوڑے پر سوار دیکھا تو اس کا مفہوم اس نے ضرور جانا، ہاں قدرت نہیں رکھتا، حدیث میں ارشاد ہوا۔ عَلِّمُوْا اَبْنَآءَکُمُ الرَّمْیَ وَالسِّبَاحَةَ، اپنے بیٹوں کو تیر اندازی اور تیرنا سکھاؤ کیا اس کے یہ معنی ہیں کہ ان کے مفہوموں کا ان کو تصور کرا دو بلکہ یہ کہ ان فنون کو ان کے قابو میں کر دو کہ تیر نشانے پر لگا سکیں اور دریا تیر سکیں تو آیہ کریمہ کے یہ معنی نہیں کہ اوروں کے اشعار حضور کے علم میں نہیں، بلکہ یہ معنی کہ حضور کو ہم نے شعر گوئی پر قدرت نہیں

دی اور نہ یہ حضور کے لائق۔

صحابہ قصائد عرض کرتے کیا ان کے اشعار ہمارے حضور کے علم میں نہ آتے بلکہ بعض بعض مواقع پر اصلاح فرمائی ہے۔ کعب بن زبیر اسلمی رضی اللہ تعالی عنہ نے قصیدہ نعتیہ میں عرض کیا۔

اِنَّ الرَّسُوْلَ لَنَارٌ یُسْتَضَاءُ بِہٖ
وَصَارِمٌ مِنْ سُیُوْفِ الْھِنْدِ مَسْلُوْلٌ

ارشاد ہوا نار کی جگہ نور کہو اور سیوف الہند کی جگہ سیوف اللہ، جب بعض اشعار دیگراں علم اقدس میں آنا منافی کریمہ وَمَا عَلَّمْنٰہُ الشِّعْرَ نہ ہوا تو جمیع اشعار اولیں و آخریں مکتوبات لوح مبیں کو علم اقدس کا محیط ہونا کیا منافی ہو سکتا ہے جو ایجاب جزئی کسی سلب کلی کا نقیض نہیں اس کا ایجاب کلی بھی یقیناً منافی نہیں البتہ ملکہ شعر گوئی حضور کو عطا نہ ہوا اور اس پر بھی رب العزت نے دفع وہم فرمادیا کہ یہ کوئی خوبی نہ تھی جو ہم نے ان کو نہ دی بلکہ وَمَا یَنْبَغِیْ لَہٗ یہ ان کی شان رفیع کے لائق ہی نہیں تو ان کے حق میں منقصت تھی اور وہ جمیع نقائص سے منزہ ہیں صلی اللہ تعالی علیہ وسلم۔ بلکہ شعر گوئی بالائے طاق، اگر نادراً کبھی دوسرے کا شعر پڑھتے تو اسے وزن سے ساقط فرمادیتے۔ لبید رضی اللہ تعالی عنہ کے شعر

سَتُبْدِیْ لَکَ الْاَیَّامُ مَا کُنْتَ جَاھِلاً
وَیَاْتِیْکَ بِالْاَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدٖ

کا مصرعہ دوم یوں پڑھتے، ع۔ وَیَاْتِیْکَ مَنْ لَمْ تُزَوِّدْ بِالْاَخْبَارِ۔

اس پر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے عرض کی، میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ تعالی نے حضور کو شعر سے منزہ فرمایا ہے۔ شاعر نے یوں کہا ہے۔

وَیَاْتِیْکَ بِالْاَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدٖ۔

عرض:۔ فلاسفہ کہتے ہیں کہ جزء لا یتجزی باطل ہے۔ اگر باطل مانا جائے اور ہیولی اور صورت کی قدامت باطل کر دی جائے تو اسلام کے نزدیک اس میں کیا برائی ہے؟۔

کردہ کو حرام یا حرام کردہ کو حلال کیا جائے کیونکہ یہ تو کفر خالص ہے اور اس میں جواز یا عدم جواز کا نزاع دیوبند کے کسی فاضل سے ہی متصور ہو سکتا ہے۔

سرفراز صاحب نے اس دعویٰ پر ایک اور حدیث پیش کی ہے جس کے استدلال کا بنیادی نقطہ پیش خدمت ہے۔

الا انی لا احل الا ما احل اللہ فی کتابہ و لا احرم الا ما حرم اللہ عزوجل فی کتابہ۔

خبردار میں نہیں حلال کرتا کسی شئی کو مگر جسے اللہ نے اپنی کتاب میں حلال کیا اور حرام نہیں کرتا کسی شئی کو مگر جسے اللہ نے اپنی کتاب میں حرام کیا۔

یہ حدیث اپنے ظاہر پر محمول نہیں ہے ورنہ ان بے شمار احادیث سے تعارض لازم آئے گا جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کثیر اشیاء کی حرمت یا حلت کو بیان فرمایا۔ اور ان کا قرآن میں ذکر نہیں۔ اور ان کی حرمت صرف حدیث رسول سے ثابت ہے۔ اس معمہ کو وہ خود ہی حل کریں۔ کہ درندوں اور گدھوں کا گوشت کھانے سے اب کیا چیز مانع ہے۔ کیونکہ کتاب اللہ میں تو ان کی حرمت کا کوئی ذکر نہیں۔ دیوبند کے اکابر نے کوے کو حلال کیا اور اصاغر نے درندوں اور گدھوں پر بھی ہاتھ صاف کر دیا۔ آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا۔ آمدم برسر مطلب۔

مذکورہ بالا وجوہات کی بنا پر یہ حدیث اپنے ظاہر پر محمول نہیں ہے۔ اور اس کا صاف اور بے غبار مفہوم یہی ہے کہ وحی جلی سے القا کردہ اور منصوص احکام میں حلال اور حرام وہی ہیں جن کا ذکر کتاب اللہ میں ہے اور یہ بات ہمارے دعویٰ کے کسی طرح منافی نہیں ہے۔

علماء امت اور تفویض احکام

سرفراز صاحب نے رسول اللہ صلے علیہ وسلم سے تفویض کی نفی کرنے کے لئے علماء امت کے چند حوالے پیش کئے ہیں چنانچہ امام عبدالوہاب شعرانی مرجع الصوفیہ شیخ اکبر کے حوالے سے لکھتے ہیں۔



غلام رسول سعیدی (بریلوی)"" کہ نبی پاک ﷺ کو علم نہ تھا کہ آپ کی پشت پر کیا چیز رکھی گئی ہے۔

شرّح صحیح مسلم جلد 5 ص564

وَمَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا

اور رسول تم کو جو (احکام) دیں ان کو قبول کرو اور جن کاموں سے تم کو منع کریں ان سے باز رہو

شرح صحیح مسلم

(جلد خامس)

اقضیہ، لقطہ، جہاد، امارہ

تصنیف

علامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دارالعلوم نعیمیہ کراچی ۳۸

ناشر

فرید بک سٹال، ۳۸- اردو بازار، لاہور ۲

وتبعہ المصنف ۔ [۱]

کے پیٹ میں یہ کھال کٹ یا پھٹ جائے تو ماں اور بچہ دونوں ہلاک ہو جاتے ہیں، علامہ جوہری نے بھی اسی طرح ذکر کیا ہے البتہ علامہ جوہری اور ازہری نے سلی کو مویشیوں کے ساتھ مختص کیا ہے اور مشیمہ کو انسانوں کے ساتھ خاص کیا ہے اور علامہ ابن سیدہ نے اس کو عام قرار دیا ہے اور مصنف بھی انہیں کے تابع ہے۔

علامہ نووی[۲]، علامہ ابی مالکی[۳]، علامہ ابن حجر عسقلانی[۴] اور علامہ بدرالدین عینی[۵] نے بھی "سلی" کا یہی معنی بیان کیا ہے۔ اردو میں "سلی" کو جیلی کہتے ہیں، لیکن قرائن سے یہ متعین ہے کہ یہاں سلی سے مجازاً اوجھڑی مراد ہے، کیونکہ مشرکین کا مقصد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت اور تکلیف پہنچانا تھا اور جیلی اس قدر خفیف اور باریک ہوتی ہے کہ اس کو پشت پر رکھنے میں کوئی ضرر اور تکلیف نہیں ہوتی، ثانیاً حدیث میں ہے کہ جب مشرکین نے آپ کی پشت پر سلی رکھ دی تو آپ نے سجدہ سے سر نہیں اٹھایا تا وقتیکہ حضرت فاطمہ نے آکر اس کو آپ کی پشت سے اٹھا نہیں دیا، اس سے بھی معلوم ہوا کہ سلی کوئی بھاری اور وزنی چیز تھی سو اس سے بھی متعین ہو گیا کہ وہ جیلی نہیں بلکہ اونٹنی کی اوجھڑی تھی، ثالثاً علامہ نووی، علامہ ابن حجر عسقلانی، علامہ عینی اور دیگر شارحین نے سلی کے رکھنے سے جو مسائل مستنبط کیے ہیں اس سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ اوجھڑی تھی، علامہ نووی لکھتے ہیں:

اس حدیث میں یہ اشکال ہے کہ جب آپ کی پشت پر نجاست رکھ دی گئی تو پھر آپ کس طرح بدستور نماز پڑھتے رہے؟ قاضی عیاض مالکی نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ یہ نجس نہیں تھی کیونکہ گوبر اور بدن کی رطوبت دونوں پاک ہیں، ناپاک تو صرف خون ہے، (علامہ نووی لکھتے ہیں) یہ جواب صرف امام مالک اور ان کے موافقین کے مذہب پر صحیح ہے، کیونکہ ان کے نزدیک جن جانوروں کا گوشت حلال ہے ان کی لید بھی پاک ہے اور امام شافعی، امام ابوحنیفہ اور دوسرے فقہاء کے نزدیک لید نجس ہے اور قاضی عیاض نے جو یہ جواب ذکر کیا ہے یہ باطل ہے کیونکہ سلی نجاست کو متضمن ہے کیونکہ اس سے عادۃً خون علیحدہ نہیں ہوتا، نیز وہ بت پرستوں کا ذبیحہ تھا اس لیے "سلی" بھی نجس تھی اور اس کا گوشت بھی نجس تھا اور اس کے تمام اجزاء نجس تھے، صحیح جواب یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو علم نہیں تھا آپ کی پشت پر کیا چیز رکھی گئی ہے اس لیے آپ نے طہارت سابقہ کے حکم کو باقی رکھا، اور یہ بھی معلوم نہیں کہ یہ نماز فرض تھی یا نہیں اور اس کا اعادہ واجب تھا یا نہیں اور اگر اس کا اعادہ واجب تھا تو وقت میں بہرحال گنجائش تھی۔ [۶]

۱۔ علامہ سید محمد مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی متوفی ۱۲۰۵ھ، تاج العروس شرح القاموس ج ۱۰ ص ۱۸۲، مطبوعہ المطبعۃ الخیریہ مصر، ۱۳۰۶ھ

۲۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۰۸، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

۳۔ علامہ ابو عبداللہ محمد بن خلفہ وشتانی ابی مالکی متوفی ۸۲۸ھ، اکمال اکمال المعلم ج ۵ ص ۱۳۳ مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت

۴۔ حافظ شہاب الدین احمد بن علی ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ، فتح الباری ج ۱ ص ۳۵۲، مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور ۱۴۰۱ھ

۵۔ حافظ بدرالدین محمود بن احمد عینی متوفی ۸۵۵ھ، عمدۃ القاری ج ۴ ص ۱۷۲، مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر، ۱۳۴۸ھ

۶۔ علامہ یحییٰ بن شرف نووی متوفی ۶۷۶ھ، شرح مسلم ج ۲ ص ۱۰۸، مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، ۱۳۷۵ھ

WWW.NAFSEISLAM.COM

اللہ

ذکر بالجہر



از رشحات فکر

شیخ الحدیث والتفسیر علامہ غلام رسول سعیدی

صاحب شرح صحیح مسلم و تفسیر تبیان القرآن

فرید بک سٹال لاہور

میں سند صحیح کے ساتھ روایت کیا ہے اور اس کی سند میں ابراہیم بن محمد نام کا جو راوی ہے وہ الفزاری ہے نہ کہ الاسلمی اور جرح اور طعن جس راوی کے بارے میں سرفراز صاحب نے پیش کی ہے وہ درحقیقت ابراہیم بن محمد اسلمی ہے اور سندِ حدیث میں جو راوی ہے وہ ابراہیم بن محمد فزاری ہے اور اگر ضد و عناد کی بنا پر اس راوی کو اسلمی ہی قرار دیا جائے پھر بھی کوئی مضائقہ نہیں ہے کیونکہ امام شافعی جیسے صاحبِ فن اور دوسرے ائمہ حدیث نے اس کی تعدیل بھی کی ہے اس لئے یہ جرح صحتِ حدیث کے لئے مضر نہیں ہے اور اگر بالفرض یہ راوی ضعیف بھی ہو تو کیا حرج ہے کیونکہ حدیثِ ضعیف سے مستحب سے لے کر واجب تک تمام احکام ثابت ہو جاتے ہیں۔

حدیث ابن الزبیر پر عقلی اعتراض کا جواب

غالباً سرفراز صاحب کو بھی یقین تھا کہ ابراہیم بن محمد پر جرح کے سلسلہ میں انہوں نے جو مغالطہ دیا ہے وہ قائم نہیں رہ سکے گا اور اس سلسلہ میں انہوں نے الفاظ و معانی کی جو عمارت قائم کی ہے وہ جھاگ کی طرح بیٹھ جائے گی چنانچہ وہ پینترا بدلتے ہوئے لکھتے ہیں :-

"اگر بالفرض اس روایت کو صحیح بھی تسلیم کر لیا جائے تو اس کا وہی جواب کافی ہے جو حضرتِ امام شافعی نے دیا ہے کہ برائے تعلیم تھوڑا عرصہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بآوازِ بلند سے پڑھا نہ یہ کہ اس پر مداومت فرمائی اور حضرتِ امام شافعی کے حوالہ سے یہی جواب شارحِ حدیث اور حضراتِ فقہاءِ اسلام نے نقل کیا ہے" [1]

الجواب

حضرتِ امام شافعی فنِ حدیث کے ایک جلیل القدر امام ہیں اور روایت پر جرح و تعدیل کے سلسلہ میں ان کی رائے یقیناً وقعت اور اہمیت کی حامل ہے لیکن حدیثِ رسول

کے مقابلہ میں جب وہ کوئی بات محض اپنی رائے سے کہیں گے تو اس کا کوئی وزن نہیں ہوگا۔

سرفراز صاحب! امام شافعی تو بہت دور کی چیز ہیں اگر حدیثِ رسول کے خلاف صحابہ بھی کوئی بات محض اپنی رائے سے کہیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم (فداہ ابی وامی) کے مقابلہ میں ان کی رائے کا بھی کوئی اعتبار نہیں ہوگا۔

کس قدر حیرت کی بات ہے کہ جرح و تعدیل جو امام شافعی کا میدان ہے وہاں تو سرفراز صاحب امام شافعی کی رائے کو اجتہادی غلطی قرار دیتے ہیں اور صریح حدیث اور عہدِ رسالت کے معمول کے خلاف ان کی رائے کو جو فی الحقیقت ان کی اجتہادی غلطی ہے، نہ صرف خود مان رہے ہیں بلکہ دوسروں سے بھی بہ زور منوانا چاہتے ہیں۔

بہر حال لکم دینکم ولی دین! ممکن ہے آپ کے لئے امام شافعی کی رائے کافی ہو لیکن ہم دامنِ رسالت کو چھوڑ کر کہاں جائیں اور جا بھی کہاں سکتے ہیں؟ ؎

نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم
چوں غلام آفتابم ہمہ ز آفتاب گویم

حدیثِ قدسی

بخاری اور مسلم میں ایک حدیث قدسی ہے جسے مشکوٰۃ نے نقل کیا ہے:۔

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللہ تعالیٰ انا عند ظن عبدی بی وانا معہ اذا ذکرنی فی نفسہ ذکرتہ فی نفسی وان ذکرنی فی ملأ ذکرتہ فی ملأ خیر منہم ؎[1]

"حضرت ابوہریرہ روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں اور جب وہ میرا ذکر کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں، اگر وہ تنہا میرا ذکر کرے تو

---

[1] مشکوٰۃ شریف، ص ۱۹۶۔

فضلِ قدیر

ترجمہ

جلد ۲

تفسیرِ کبیر

تصنیف

امام فخر الدین محمد بن عمر رازی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

محقق العصر

مفتی محمد خان قادری

مرکز تحقیقاتِ اسلامیہ

1- جامعہ اسلامیہ لاہور، میلاد سٹریٹ گلشن رحمان ٹھوکر نیاز بیگ لاہور

3: **اٹھارویں دلیل:** فرشتے انسان سے زیادہ علم رکھتے ہیں اور زیادہ علم والا دوسرے پر افضل ہوتا ہے لہٰذا فرشتے افضل ہوں گے

یہ قول کہ فرشتے انسان سے زیادہ علم والے ہیں، پر دلیل یہ ہے کہ حضرت جبریل امین علیہ السلام، حضرت محمد ﷺ کے معلم ہیں۔ ارشادِ الٰہی ہے

عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى (پ ۲۷، النجم ۵) انہیں سخت قوتوں والے طاقتور نے سکھایا

اور معلم کا متعلم سے زیادہ علم والا ہونا ضروری ہے۔

علوم کی دو اقسام

پھر علوم کی بھی دو اقسام ہیں:

پہلی قسم: علوم جنہیں بذریعہ عقل حاصل کیا جاتا ہے مثلاً اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کا علم ان میں کوتاہی نہیں ہو سکتی نہ حضرت جبریل علیہ السلام سے اور نہ حضرت محمد ﷺ سے اس لیے کہ یہاں تقصیر جہل ہے اور یہ معرفتِ الٰہی میں رکاوٹ ہے۔

رہا مخلوقاتِ الٰہیہ کی کیفیات، ان میں موجود عجائبات کا علم، عرش، کرسی، لوح و قلم، جنت و دوزخ، طبقاتِ آسمانی، انواع اور مشاہدہ زیادہ ہے تو ان کا علم بھی اکثر و اتم ہوگا۔

دوسری قسم: علوم جن تک رسائی سوائے وحی الٰہی کے کسی کی نہ ہو نہ حضرت محمد ﷺ اور نہ کسی نبی علیہ السلام کو۔ ہاں ان کا علم حضرت جبریل امین کے واسطے سے ہوگا تو اب حضور ﷺ کو حضرت جبریل امین پر فضیلت دینا محال ہے۔ حضرت جبریل امین، اللہ تعالیٰ اور انبیاء علیہم السلام کے درمیان واسطہ رہے تو یہ تمام سابقہ شرائع اور موجودہ شریعت کے عالم ہیں اور یہ شرائع ملائکہ اور ان کے احکام و ذمہ داریوں سے بھی آگاہ ہیں اور حضرت محمد ﷺ ان سے آگاہ نہیں۔

تو ثابت ہوا حضرت جبریل علیہ السلام حضرت محمد ﷺ سے علم زیادہ رکھتے ہیں، اس ثبوت کے بعد لازم کہ جبریل امین آپ سے افضل ہوں، ارشادِ الٰہیہ ہے

قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ (پ ۲۳، الزمر ۹) کہہ دیجیے کیا علم والے اور بے علم برابر ہیں

سوال: ملائکہ کا بشر سے زیادہ علم والا ہونا ہم تسلیم نہیں کرتے۔ دلیل یہ ہے کہ ملائکہ نے اس کا اعتراف کیا، حضرت آدم علیہ السلام ان سے علم زیادہ رکھتے ہیں، ارشادِ الٰہی ہے:

Scanned by CamScanner

بد مذہبوں سے میل جول

عبید غوث و خواجہ، رضا و کل اولیاء
محمد جمال الدین خان قادری رضوی
ضلع بہرائچ شریف یو پی الہند
موبائل نمبر : ← 7860520899

مفتی محمد ابوالحسن قادری مصباحی

عبید غوث و خواجہ، رضا و کل اولیاء
محمد جمال الدین خان قادری رضوی
ضلع بہرائچ شریف یو پی الہند
موبائل نمبر : ← 7860520899

المجمع المسعودی بہرائچ شریف یوپی

Scanned by CamScanner

وہابیہ پر غضبوں کی ترقیاں

۱۔ ان پر پہلا غضب ائمہ کے اقوال تھے، کہ دریا سے قطرہ عرض کئے ان پر تو یہیں تک تھا کہ یہ سب ائمہ دین، ان مخالفین دین کے مذہب پر معاذ اللہ کافر و مشرک ٹھہرتے ہیں۔

۲۔ دوسرا غضب اس سے زیادہ آفت اس حدیث ابن عباس میں تھی کہ معاذ اللہ عبد اللہ ابن عباس، خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے علم غیب بتا کر کافر قرار پاتے ہیں۔

۳۔ تیسرا غضب اس سے عظیم تر اشد آفت، مواہب شریف اور زرقانی کی عبارات میں تھی کہ نہ صرف عبد اللہ ابن عباس بلکہ عام صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم غیب پر ایمان لا کر پر وہابیہ کے دھرم میں کافر ہوئے جاتے ہیں۔

۴۔ چوتھا غضب اس سے سخت تر ہولناک آفت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی دوسری حدیث میں تھی کہ سیدنا خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام کہ نبی ہیں خود اپنے لئے علم غیب بتا کر معاذ اللہ (خاک بدہن وہابیہ) کافر ٹھہرتے ہیں۔[1]

۵۔ پانچواں غضب اس سے بھی انتہا درجہ کی حد سے گذری ہوئی آفت کہ سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کہ اجماعاً، قطعاً، یقیناً، ایماناً، اللہ کے رسول و نبی اور اولوالعزم من الرسل سے ہیں وہابیہ کی تکفیر سے کہاں بچتے ہیں۔[2]

خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خود ان سے کہا کہ مجھے علم غیب ہے جو آپ کو نہیں اور موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس پر کچھ انکار نہ فرمایا۔ کیا اس پر ایک وہابی نہ کہے گا کہ افسوس ایک ناؤ کا تختہ توڑ دینے یا گرتی دیوار بے اجرت لئے سیدھی کر دینے پر وہ اعتراض کہ باوصف وعدہ صبر نہ ہو سکا اور وہابی شریعت کی رو سے مونہہ بھر کلمۂ کفر سنا اور شربت کا سا گھونٹ پی کر چپ رہے۔

خیر ان سب آفتوں کا وہابیہ کے پاس تین کہاوتوں سے علاج تھا۔

---

[1] وہابیہ کے نزدیک حضرت خضر کافر۔ نہی بلکہ بریلوی کے نزدیک کیو کہ انہوں نے اِنکار کیا ہے

[2] وہابیہ کے نزدیک حضرت موسیٰ علیہ السلام بھی کافر۔

Scanned by CamScanner

رسالت والوہیت میں گستاخی صحابہ وملائکہ کو سب وشتم کا نشانہ بنانے کے سبب کافر یا گمراہ ہیں مگر یہاں ہم وہابی دیوبندی مکتب فکر کے لوگوں کے افکار وعقائد کا جائزہ لیتے ہیں اور احادیث کی روشنی میں واضح کرتے ہیں کہ کہاں تک اسلام والے ہیں؟ اپنے دعویٔ حق میں کتنے سچے ہیں؟ پھر ان سے متعلق احکام اسلام بیان کرتے ہیں کیونکہ انھیں دونوں فرقوں سے عام طور پر مسلمان شب وروز اپنے دینی ودنیوی معاملات کرتے رہتے ہیں تو اہل حق وانصاف پر پوشیدہ نہیں کہ رب قدیر جل مجدہ تعالیٰ کو تمام عیوب ونقائص سے پاک اور منزہ ماننا اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آخری نبی اور عالم غیب اور تمام مخلوقات سے افضل وبرتر جاننا ماننا ضروریات دین سے ہے اس پر تمام علمائے حق وائمہ حل وعقد ودانشوران مذہب برحق کا اجماع ہے۔ جو مذکورہ باتوں میں سے کسی بھی بات کا انکار کرے وہ کافر ہے۔

☆ اور وہابی، دیوبندی مکتب فکر کا عقیدہ ہے کہ (معاذ اللہ) اللہ تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے اور سارے برے بھلے کام کرسکتا ہے اور اگر نہ کرسکے تو اس کے لیے کوئی کمال نہیں۔ چنانچہ محمود الحسن دیوبندی لکھتے ہیں۔

سب جانتے ہیں کہ ذات تعالیٰ شانہ سے افعال قبیحہ کے صدور کی نوبت نہیں آسکتی لیکن افعال قبیحہ کو مثل دیگر ممکنات ذاتیہ مقدور باری جملہ اہل حق تسلیم فرماتے ہیں کیونکہ خرابی ہے تو انکے صدور میں ہے نفس مقدوریت میں اصلاً کوئی خرابی نہیں آتی اگر ہوتا ہے تو کمال قدرت ثابت ہوتا ہے بلکہ امور مذکورہ کو قدرت سے خارج کرنے میں عموم قدرت علی الممکنات جو داخل کمال اور مسلمات اہلسنت میں سے ہے باطل ہوجائیگا

(جہد المقل ص ۴۱ مطبوعہ مکتبہ بلالی ساڈھورہ)

☆ مولوی اسماعیل دہلوی امام الطائفہ اپنے رسالہ یکروزی میں لکھتے ہیں۔

"پس لانسلم کہ کذب مذکور محال بہ معنی مسطور باشد والا لازم آید کہ قدرت انسانی زائد از قدرت ربانی گردد۔ (یکروزی ص ۱۷ مطبوعہ فاروقی کتب خانہ ملتان)

"حم تنزیل الکتاب من اللہ العزیز العلیم غافر الذنب وقابل التوب شدید العقاب ذی الطول "......(سورۃ المؤمن : ۳)

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

☆☆☆☆☆☆☆☆

کیا اللہ تعالیٰ کی ذات کے علاوہ کسی کو علم غیب حاصل ہے؟

(مسئلہ نمبر ۸۳) کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو عالم الغیب مانتے ہیں مہربانی فرما کر قرآن وحدیث کی روشنی میں تفصیلی فتوی صادر فرمائیں۔

الجواب باسم الملک الوھاب

علم غیب دراصل غیر مشاہدات للناس کے جاننے کو کہتے ہیں جو عام آدمیوں کے علم میں نہ ہو، پھر اس کی دو قسمیں ہیں (۱) علم غیب ذاتی (۲) علم غیب عطائی۔

(۱) علم غیب ذاتی کلی اس کو کہتے ہیں کہ تمام اشیاء مغیبات ہوں یا ظاہر ہوں، ان کو بغیر اعلام کے جاننا یہ صفت صرف اور صرف اللہ جل شانہ کی ذات کے ساتھ خاص ہے۔

(۲) علم غیب عطائی وہ ہے جو بطور وحی یا کشف وکرامات والہام کے ذریعہ ہو جن حضرات کو علم غیب بذریعہ وحی وغیرہ حاصل ہوتا ہے وہ حضرات انبیاء کرام ہیں اور جن حضرات کو علم غیب بذریعہ کشف والہام حاصل ہو وہ حضرات اولیاء کرام ہیں اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مخلوقات میں سب سے زیادہ علم عطاء کیا گیا مگر اللہ تعالیٰ کے علم کے مساوی یعنی ہر وقت ہر چیز کا ہر جگہ پر علم نہیں رکھتے۔

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

"وبالجملة فالعلم بالغيب امر تفرد به سبحانه ولا سبيل للعباد اليه الا باعلام منه والهام بطريق المعجزة او الكرامة او الارشاد الى الاستدلال بالامارات فيما يمكن فيه ذلك "......(شرح الفقه الاكبر : ۱۵۱)

"ثم اعلم ان الانبياء عليهم الصلاة والسلام لم يعلموا المغيبات من الاشياء الا ماعلمهم الله تعالى احيانا"......(شرح الفقه الاكبر : ۱۵۱)

"لو كنت اعلم الغيب لاستكثرت من الخير"......(سورة اعراف : ۱۸۸)

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

☆☆☆☆☆☆☆☆

جلد اوّل

ارشاد المفتین

ولی کامل فقیہ العصر مفتی اعظم شیخ الحدیث والتفسیر حضرت اقدس

حضرت مولانا مفتی حمید اللہ جان نور اللہ مرقدہ
بانی جامعۃ الحمید لاہور

مکتبۃ الحسن

ذاتی آپ کا کوئی ثابت کرے۔ (محمد سرفراز خاں صفدر، عبارات اکابر ص ۱۸۰۔۱۸۱)

لیجئے جناب! اب ہم نے آپ کی اعتماد کردہ اور نقل کردہ عبارت سے ذاتی اور عطائی کی تقسیم ثابت کردی ہے۔

عدم توجہ، عدم علم کو مستلزم نہیں

اور علم کے باوجود توجہ نہ ہونے کے بارے میں خلیل احمد صاحب لکھتے ہیں:

ہاں کسی جزوی حادثہ حقیر کا حضرت کو اس لئے معلوم نہ ہونا کہ آپ نے اس کی جانب توجہ نہ فرمائی آپ کے اعلم ہونے میں کسی قسم کا نقصان پیدا نہیں کرسکتا۔

(خلیل احمد انبیٹھوی المہند علی المفند جمع رسائل، ص ۲۳۹)

یہی عبارت بعینہٖ مخالف مذکور نے بھی "عبارات اکابر" ص ۱۸۸ پر نقل کی ہے۔

خلاصہ یہ کہ مخالف مذکور نے بڑے طنطنہ سے یہ کہا تھا کہ ذاتی اور عطائی کی تقسیم باطل ہے اور ہم نے ان کو اور ان کے اکابر کے قلم سے اسی تقسیم کو ثابت کردیا ہے۔ وللہ الحمد ؎

نگاہ شوخ کی کوتاہیوں کو کیا کہا جائے
کہ اپنی جنبش پیہم کے افسانے نہیں دیکھے

یہاں تک ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا علم تدریجی، نبوت سے پہلے غیب کا علم، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم پر علم غیب کا اطلاق ذاتی اور عطائی کا ثبوت بیان کیا ہے۔ اب ہم آپ کے سامنے علم کے بارے میں اہل سنت کا مسلک، اس پر دلائل اور علماء اسلام کی عبارات پیش کریں گے۔ گفتگو لمبی ضروری ہو جائے گی مگر کیا کریں کہ ؎

تمہارے ہی فریب حسن کا میں زخم خوردہ ہوں
تمہیں ہر حال میں سننی پڑے گی داستاں میری

علم کلی کے بارے میں اہل سنت کا مسلک

اہل سنت کے نزدیک اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کائنات کے ہر ذرہ کا علم تفصیلی عطا فرمایا ہے۔ لیکن یہ عقیدہ قطعی نہیں ہے کہ اس کا منکر کافر ہو۔ بعض علماء اسلام نے حضور کے لئے کائنات کا علم تفصیلی نہیں مانا۔ بعض نے روح کے علم میں اختلاف کیا۔ بعض نے امور



اللہ ﷺ نے یہ تمام واقعات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بیان فرمائے ہیں اور علماء اسلام نے تصریح کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام اولین اور آخرین کا علم عطا فرمایا ہے اور کلی غیب پر مطلع کیا ہے اور رسول اللہ ﷺ کے لئے اس علم کے ثابت کرنے کو مخالف مذکور کفر قرار دیتے ہیں۔ لکھتے ہیں:

خان صاحب کا یہ دعویٰ ہے کہ روز ازل (اول وضاحت از مصنف) سے روز آخر تک کی تمام اشیاء اور ہر ذرہ ذرہ کا تفصیلی علم آنحضرت ﷺ کو حاصل ہے ایک نرا کفریہ دعویٰ ہے۔

(محمد سرفراز خاں صفدر، اتمام البرہان ص ۳۶)

مخالف مذکور نے حضور کے لئے علم "ماکان و مایکون" (جو ہو چکا اور جو ہوگا کا علم) ثابت کرنے کو بھی کفر لکھا ہے۔ اب ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ علم "ماکان و مایکون" کا اصل مصدر کیا ہے اور مستند علماء اسلام میں سے کن کن حضرات نے حضور ﷺ کے لئے "ماکان و مایکون" کا علم ثابت کیا ہے؟

اس سے بیشتر کہ ہم علم "ماکان و مایکون" کا بیان کریں ایک بار پھر یہ تصریح کر دیتے ہیں کہ حضور ﷺ کے لئے علم کلی، کلی غیب یا "ماکان و مایکون" ماننا فرض ہے، نہ واجب، نہ اس کے انکار سے کفر لازم آتا ہے۔ اس مسئلہ میں بعض علماء نے نیک نیتی سے اختلاف بھی کیا ہے۔ لیکن صحیح بات یہی ہے کہ حضور ﷺ کے لئے یہ علم ثابت ہے اور یہی آپ کی شان کے لائق ہے۔

علم "ماکان و مایکون"

علم "ماکان و مایکون" پر درج ذیل دلائل ملاحظہ فرمائیں:

عَنْ اَبِیْ زَیْدٍ قَالَ صَلّٰی بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ الْفَجْرَ وَ صَعِدَ الْمِنْبَرَ فَخَطَبَنَا حَتّٰی حَضَرَتِ الظُّهْرُ نَزَلَ فَصَلّٰی ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ فَخَطَبَنَا حَتّٰی حَضَرَتِ الْعَصْرُ ثُمَّ نَزَلَ فَصَلّٰی ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ فَخَطَبَنَا حَتّٰی

ابو زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں صبح کی نماز پڑھائی اور منبر پر رونق افروز ہوئے اور خطبہ دیا۔ حتیٰ کہ ظہر کا وقت آ گیا پھر منبر سے اترے ظہر پڑھائی پھر منبر پر رونق افروز ہوئے اور



المعجم الكبير

للحافظ أبي القاسم سليمان بن أحمد الطبراني

٢٦٠هـ – ٣٦٠هـ

حققه وخرج أحاديثه

حمدي عبد المجيد السلفي

الجزء الرابع والعشرون

الناشر
مكتبة ابن تيمية
القاهرة ت : ٨٦٤٢٤٠

٠٠٠٠٠ (١٤٧) حدثنا عبيد ثنا أبو بكر عن عبدالله بن ادريس عن ليث عن حدمر مولى لبني عبس عن مولى لزينب بنت جحش يقال له أبو القاسم عن زينب بنت جحش قالت : تقيل النبي صلى الله عليه وسلم في بيتي اذ أقبل الحسين وهو غلام حتى جلس على بطن رسول الله صلى الله عليه وسلم ، ثم وضع ذكره في سرته ، قالت : فقمت اليه فقال : « ائتيني بماء » فأتيته بماء فصبه عليه ثم قال : « يغسل من الجارية ويصب عليه من الغلام » .

٠٠٠٠ – زينب بنت خزيمة الهلالية
وهي أم المساكين

٠٠٠٠٠ (١٤٨) حدثنا أبو أسامة عبدالله بن محمد بن أبي أسامة الحلبي ثنا حجاج بن أبي منيع الرصافي ثنا جدي عبيدالله بن زياد عن الزهري قال : تزوج رسول الله صلى الله عليه وسلم زينب بنت خزيمة وهي أم المساكين ، سميت لكثرة اطعامها المساكين ، وهي من بني هلال بن عامر بن صعصعة ، وتوفيت ورسول الله صلى الله عليه وسلم حي ، لم تلبث معه الا يسيرا .

شعيب اكرام حياتی مرادآبادی

٠٠٠٠٠ (١٤٩) حدثنا عمرو بن اسحاق بن ابراهيم بن العلاء الحمصي

---

١٤٧ – أنظر (١٤١) المتقدم وفي هذا الاسناد حدمر غير أبي القاسم وهو الذي ذكره ابن أبي حاتم في الجرح والتعديل (١/١/٣١٧–٣١٨) حيث قال : روى عن أبي القاسم مولى زينب ، روى عنه ليث بن أبي سليم ، سمعت أبي يقول ذلك .
وقال (٤/٢/٤٢٦) أبو القاسم مولى زينب بنت جحش روى عن زينب بنت جحش روى عنه حدمر ، سمعت أبي يقول ذلك .

١٤٨ – قال في المجمع (٩/٢٤٨) ورجاله ثقات .

١٤٩ – ورواه أبو داود (٤٠٥٣) واسناده ضعيف لضعف محمد بن اسماعيل بن عياش .

الكشاف

عن

حقائق التنزيل وعيون الأقاويل

في

وجوه التأويل

تأليف

أبي القاسم جار الله محمود بن عمر الزمخشري الخوارزمي

٤٦٧ - ٥٣٨

المجلد الأول

دار الفكر

بيروت ص. ب ٧٠٦١

جعلته صلة وإن جعلته حالا ؟ قلت : إن جعلته صلة كان بمعنى الغائب إما تسمية بالمصدر من قولك غاب الشىء غيبا كما سمى الشاهد بالشهادة ، قال الله تعالى ـ عالم الغيب والشهادة ـ والعرب تسمى المطمئن من الأرض غيبا ، وعن النضر بن شميل : شربت الإبل حتى وارت غيوب كلاها يريد بالغيب الخمصة التى تكون فى موضع الكلية إذا بطنت الدابة انتفخت . وإما أن يكون فيعلا فخفف كما قيل قيل وأصله قيل ، والمراد به الخفى الذى لاينفذ فيه ابتداء إلا علم اللطيف الخبير ، وإنما نعلم منه نحن ما أعلمناه أو نصب لنا دليلا عليه ، ولهذا لايجوز أن يطلق فيقال فلان يعلم الغيب ، وذلك نحو الصانع وصفاته والنبوات وما يتعلق بها والبعث والنشور والحساب والوعد والوعيد وغير ذلك ، وإن جعلته حالا كان بمعنى الغيبة والخفاء . فإن قلت : ما الإيمان الصحيح ؟

هل يتحد فيها أو يختلف (قوله تسمى المطمئن من الأرض) يروى بفتح الهمزة على أنه مكان وبكسرها على أنه صفة والتذكير باعتبار الموضع (قوله الخمصة) أراد بها الحفرة فى موضع الكلية وأصلها الجوعة (قوله وإما أن يكون) أى لأن يكون عطف على إما تسمية على معنى أن الغيب إذا جعل بمعنى الغائب ، فإما لتسمية الفاعل بالمصدر وإما لكونه فيعلا بمعنى الفاعل (قوله والمراد منه) أى من الغيب بمعنى الغائب سواء كان مصدرا أو مخففا من فيعل (قوله ما أعلمناه) بفتح الميم : أى جعلنا اللطيف الخبير عالمين به وهو إشارة إلى الدليل السمعى ، كما أن قوله أو نصب لنا دليلا إشارة إلى الدليل العقلى . وقد يقال : أراد بالأول مانص عليه نفسه ، وبالثانى مانصب عليه دليلا عقليا أو سمعيا يتوصل منه إليه (قوله ولهذا) أى ولأن المراد بالغيب ماذكر وإنما لم يجز الإطلاق فى غيره تعالى لأنه يتبادر منه تعلق علمه به ابتداء فيكون تناقضا . وأما إذا قيد وقيل أعلمه الله تعالى الغيب أو أطلعه عليه فلا محذور فيه (قوله وذلك) أى وذلك الخفى (قوله وما يتعلق بها) أى بالنبوت كأحوال المعجزات فهو مع ماقبله مثال لما نصب لنا عليه دليلا عقليا ، وما بعده مثال لما أعلمناه بدليل نقلى ، وقد فسر مايتعلق بالنبوات بالشرائع والأحكام فيتعلق بما بعده . والأولى أن يفسر بهما معا ويترك التخصيص فى الأمثلة فإن بعض الصفات قد تعلم بالسمع فقط (قوله وغير ذلك) أى من الصراط وتطاير الكتب والميزان ونظائرها (قوله وإن جعلته حالا) قيل الفرق بين جعله صلة وجعله حالا أن الإيمان على الأول إما مضمن فيه معنى الاعتراف أو مجاز عن الوثوق والغيبة فى المعنى صفة للمؤمن به : أى يؤمنون بماهو غائب عنهم ، وعلى الثانى بمعنى التصديق بلا تضمين ، والغيبة فى المعنى صفة للمؤمن والمؤمن به محذوف للتعميم : أى يؤمنون حال الغيبة كما يؤمنون فى الحضور لا كالذين نافقوا (قوله ما الإيمان) سؤال عن الإيمان الشرعى إذ قد فرغ من بيان معناه اللغوى ولذلك قيده بالصحيح : أى المعتبر شرعا

قال محمود رحمه الله تعالى (إن قلت : مامعنى الإيمان الصحيح الخ) قال أحمد رحمه الله : يعنى بالفاسق غير مؤمن ولا كافر ، وهذا من الأسماء التى سماها القدرية وما أنزل الله بها من سلطان ، ومعتقد أهل السنة أن الموحد
لله الذى لاخلل فى عقيدته مؤمن وإن ارتكب الكبائر ، وهذا الصحيح لغة وشرعا . أما لغة فإن الإيمان هو التصديق وهو مصدق . وأما شرعا فأقرب شاهد عليه هذه الآية ...
الإيمان معقول بدونه ...

تفسير الخازن
لباب التأويل في معاني التنزيل
علاء الدين علي بن محمد بن إبراهيم البغدادي الشهير بالخازن المتوفى سنة ٧٢٥ هـ
ضبطه وصححه عبد السلام محمد علي شاهين
دار الكتب العلمية

على الإيمان وقيل نزلت في عكرمة بن أبي جهل وذلك أنه هرب عام الفتح إلى البحر فجاءهم ريح عاصف فقال عكرمة: لئن أنجانا الله من هذا لأرجعن إلى محمد ﷺ ولأضعن يدي في يده فسكنت الريح فرجع عكرمة إلى مكة وأسلم وحسن إسلامه ومنهم من لم يوف بما عاهد وهو المراد بقوله تعالى ﴿وما يجحد بآياتنا إلا كل ختار﴾ يعني غدار ﴿كفور﴾ يعني جحود لأنعمنا عليه. قوله تعالى:

﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَا يَجْزِي وَالِدٌ عَنْ وَلَدِهِ وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَالِدِهِ شَيْئًا إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللَّهِ الْغَرُورُ (٣٣) إِنَّ اللَّهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ (٣٤)﴾

